صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 19 اپریل 2011 بمطابق 15 جمادی الاوّل 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر سترہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَO مَآ أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ O وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ O وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ O فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَO بِأَييِّكُمُ الْمَفْتُونُO إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِۦ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَO فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَO وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ۔

(ترجمہ): نٓ قسم ہے قلم کی اور (قسم ہے) ان (فرشتوں) کے لکھنے کی۔ (جو کہ کاتب الاعمال ہیں) کہ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کیلئے (اس تبلیغ احکام پر) ایسا اجر ہے جو (کبھی) ختم ہونے والا نہیں۔ اور بے شک آپ اخلاق (حسنہ) کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں۔ سو (ان کے مہملات کا غم نہ کیجئے کیونکہ) عنقریب آپ بھی دیکھ لیں گے۔ کہ تم میں کس کو جنون تھا۔ آپ کا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ راہ (راست) پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے۔ تو آپ ان تکذیب کرنے والوں کا کہنا (کبھی) نہ ماننا۔ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ آپ (تبلیغ) میں ڈھیلے ہو جائیں۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں پوائنٹ آف آرڈر پر ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: جی بی بی، 'کوئسچنز آور' کے بعد جی، 'کوئسچنز آور' کے بعد جی، دو چار کوئسچنز ہیں، اتنے زیادہ نہیں ہیں۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب، کوئسچن نمبر 43۔

* 43 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا محکمہ تعلیم میں بعض مقامات پر سکول / دفتر کی اپنی عمارت نہ ہونے کی وجہ سے عمارت کرایہ پر لینا پڑتی ہے;

(ب) محکمہ سالانہ کرایہ کی مد میں کتنا فنڈ خرچ کرتا ہے، نیز کہاں کہاں اور کس کس بلڈنگ (سکول / دفتر) کا کتنا کرایہ ہے، گزشتہ تین سالوں کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ج) محکمہ اپنی عمارت کی تعمیر کیلئے کیا اقدامات کر رہا ہے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) محکمہ سالانہ کرایہ کی مد میں -/2,50,77,262 روپے خرچ کرتا ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ضلع	کرایہ	نمبر شمار	ضلع	کرایہ
1۔	ایبٹ آباد	903239	2۔	بنوں	60000
3۔	بٹگرام	588000	4۔	بونیر	180000
5۔	چارسدہ	7634108	6۔	چترال	248208
7۔	ڈی۔آئی۔خان	3298082	8۔	دیر لوئر	Nil
9۔	دیر اپر	443520	10۔	ہنگو	43320
11۔	ہری پور	692556	12۔	کرک	165204
13۔	کوہاٹ	2532536	14۔	کوہستان	503440
15۔	لکی مروت	252000	16۔	ملاکنڈ	300000
17۔	مانسہرہ	2099621	18۔	مردان	1028280

19-	نوشہرہ	544644	20-	پشاور	1466388
21-	شانگلہ	474600	22-	صوابی	737900
23-	سوات	164016	24-	ٹانک	717600

کل -/2,50,77,262روپے۔

(ج) مالی وسائل کی دستیابی پر محکمہ اپنی عمارات تعمیر کرنے کیلئے اقدامات کرے گا۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال پکښے شته جی ؟

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جی۔ میں نے سوال کیا تھا کہ آپ کا تعلیمی ادارہ ہے اور آپ اسکو کرایے پر کیوں چلاتے ہیں؟ تو انہوں نے مجھے ایک تفصیل دی ہے کہ 2 کروڑ 50 لاکھ 77 ہزار 262 روپے سالانہ ہمارا محکمہ تعلیم کے کرایے کی مد میں دیتا ہے۔ اس میں ضمنی سوال یہ ہے کہ تعلیم دینا جز وقتی کام ہے یا کل وقتی کام ہے، یہ عارضی کام ہے یا مستقل کام ہے؟ پھر ہر سال دو کروڑ روپے کیوں دیئے جاتے ہیں؟ یہ اگر ایک اے ڈی پی کے اندر کوئی اضافہ کرلیں اور اپنے لئے عمارت بنالیں تو اتنی بڑی رقم تو بچ جائے گی۔

جناب سپیکر: نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! تعلیم جیسے-----

جناب سپیکر: Only three questions, ji ، بس تا سو جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تعلیم جیسے اہم شعبہ سے کوئی انکار نہیں کرسکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، کوئسچن یہ ہے کہ جہاں پر یہ اتنا زیادہ کرایہ دیتے ہیں 2,50,77,262 روپے، جناب سپیکر صاحب، اگر یہ ہر سال ایک سکول بھی بنائیں، جہاں جہاں پہ بھی ہو تو میرا خیال ہے کہ ان دو تین، چار پانچ سالوں میں سکولوں کی وہ ہو جائے گی اور ہمارے پاس دو کروڑ یہ جتنے بھی لاکھ روپے ہیں، یہ ہمارے پاس بچ جائیں گے، تو ان سے، کہ کیوں ایسا ہو رہا ہے؟

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر ذاکر اللہ۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: سر، زه وایمه جی چه دیر خو د مبارکئ مستحق دے، په دے چوبیس اضلاع کښے ضلع دیر صرف داسے دے چه په هغے کښے د کرایے بلډنګ نشته ځکه چه بلډنګونه مونږه اکثر خپلے خپلے حجرے هم ورکوؤ او هغه

بغیر کرایے نه ورکوۀ. زه د منسټر صاحب نه دا سوال کومه چه دومره ښه کار مونږه کوۀ چه زمونږ یو پیسه په مونږ خرچه نه راځی نو زمونږه Shelter less Schools دیMasque schools چه دی، د ایم این اے او د سینیټرز د فنډز نه مونږ سکولونه Completeکړی دی چه هغے تهMasque سکولونه وائی، تعداد ئے ډیر زیات دے ، هغے ته اوس باقاعده بلډنګز تیار شوی دی چه د سکول حیثیت ورکولو ته تیار دی۔

جناب سپیکر: جی منور خان، منور خان۔ اودریږئ جی، لودهی صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر! میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں، جیسے اس نے کہا کہ ہم کرایہ دیتے ہیں بلڈنگز کیلئے، میری سر ریکویسٹ ہے کہ ایک سکول ہے ڈبک مندرہ خیل، لکی مروت میں سر، اسکی ہائی سکول کو اپ گریڈیشن کیلئے ہم نے کہا تھا، اسکی ساری کنسٹرکشن، کمرے سارے بنا دیئے لیکن ابھی تک اسکواپ گریڈ نہیں کیا جارہا ہے کیونکہ فنانس میں اس کا کیس پڑا ہوا ہے، بلڈنگ بھی 'کمپلیٹ' ہے، سب کچھ 'کمپلیٹ' ہے سر، ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت وہ کمرے بنائے ہوئے ہیں توKindlyاگر منسٹر صاحب اس سلسلے میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: حاجی قلندر خان لودھی صاحب، حاجی قلندر خان لودھی۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں، ٹھیک ہے خرچہ تو دو کروڑ پچاس لاکھ سالانہ آرہا ہے، ویسے بھی ان کی گورنمنٹ غیر ضروری خرچے کرتی ہے، خرچے پر تو میں بات نہیں کرونگا، میں یہ بات کرتا ہوں کہ جو کمرے جو یہ لیتے ہیں یا جو بلڈنگ لیتے ہیں، وہ سٹینڈرڈ کے مطابق نہیں ہوتی، ڈبے ٹائپ کمرے لیتے ہیں اور وہاں بچے نہ بیٹھ سکتے ہیں، نہ ان میں استاد تعلیم دے سکتے ہیں۔ ایک تو نقصان ہو رہا ہے، پیسے دے رہے ہیں اور دوسرا وہ جو چیز ہے، وہSubstandardہوتی ہے اور اس میں بیٹھ ہی نہیں سکتے بچے۔

Mr. Speaker: Ji, Sardar Babak Sahib, honourable Minister for Education, please.

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، نه ډیر زیات شوسپلیمنټری، Relatedهم نه دی، ډیر کوئسچنز Related هم نه دی۔

جناب محمد زمین خان: جی Related دے سر۔

جناب سپیکر: جی یو Sentence کښے صرف کوئسچن او کړه، اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں مشکور ہوں، اس میں چونکہ ضلع ڈیرہ میں بھی 32 لاکھ کی Payment ہورہی ہے اسی وجہ سے چونکہ میرا ضلع ہےاور سر جہاں تک میری معلومات ہیں، اگر گورنمنٹ دل بڑا کرے تو اسکا حل نکل سکتا ہے کیونکہ جہاں تک میں نے پوچھا ہے، یہ زیادہ تر زمینیں جو ہیں اوقاف کی ہیں۔ یہ ان سے ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ آپ مہربانی کر کے ہمیں ٹرانسفر کر دیں لیکن اوقاف والے جو ہیں، یہ Payment اکثر انکے پاس جارہی ہے، تو میری یہ گزارش ہوگی، ڈی آئی خان کے متعلق تو سر مجھے پتہ ہے کہ زیادہ تر جتنی بھی زمین ہے، اوقاف کی ہے تو گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ Transaction ہورہی ہے، بہتر یہ نہیں ہوگا کہ اسکا ایک Permanent حل ہو اور یہ اوقاف کی زمینیں سکولوں کو ٹرانسفر ہو جائیں؟

جناب سپیکر: جی زمین خان، یو لائن کښے خبره خلاصه کړه۔

جناب محمد زمین خان: یو لائن کښے سر، زمونږه خنګه چه ډاکټر صاحب اووئیل چه یره دیکښے دیر لوئر کښے د کرایے بلډنګ نشته، سر ما مخکښے کوئسچن هم کړے وو، هغے باندے منسټر صاحب ماته وئیلی وو ایشورنس ئے هم راکړے وو، زمونږه هلته کښے مکتب سکولونه، زما خیال دے پنځوس شپیته سکولونه دی، ماشومان په جماتونو کښے هغه سبقونه وائی او یا د ونو لاندے ناست وی، زما خیال دے چه لس لس، شل شل کالونه هغوی ناست دی نو آیا دغلته هم د کرایے د بلډنګ بندوبست به دوئ کوی که نه د دغه سکولونو پرائمرئ ته د اپ ګریډیشن د پاره هم کار کوی؟

جناب سپیکر: جی سردار بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب، آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شکریه سپیکر صاحب۔ شکریه ادا کوؤ د مفتی صاحب چه ډیر ښه سوال ئے راوړے دے او بیا زمونږ ډیپارټمنټ هم کوشش کړے دے چه مونږه خو پوره پوره جواب ورکړے دے او بیا نورو مشرانو، ملګرو چه د کومو تحفظاتو اظهار اوکړو سپیکرصاحب، دا کوم ډیټیل چه مونږ ورکړے دے چه سالانه د کرایے په مد کښے چه دا څومره خرچه راځی، زمونږ خیبر پختونخوا کښے 24 ضلعے، اوس 25ضلعے شوے، په هغے کښے دفاترے

هم شاملے دی چه زمونږ ای ډی اوز، پوره سټریکچر دے، پوره کمپوزیشن دے، په دے کرایانو کښے هغه هم شامل وی او بیا دا تجویز هم مخے ته راغے چه ولے نه چه په دے پیسو باندے سکولونه جوړ شی، سپیکر صاحب، تاسو ته معلومه ده چه زمونږ د صوبے حالات داسے دی، ډیر ځایونه داسے دی چه هلته سکولونه دی، هلته بلډنګز موجود نه وی او د سکول انتهائی اشد ضرورت وی نو بیا په کرایه باندے بلډنګ اغستل چه دی، هغه ضروری شی۔ دویمه دا چه د Militancyپه وجه باندے ډیر ځایونه زمونږ داسے دی چه هلته زمونږ سکولونه چه دی، هغه وران شوی دی او فوری طور باندے هلته مونږ Schooling کوؤ، هلته مونږه سکول کهلاوؤ، د هغے د پاره بیا دا لازمی خبره ده چه هلته مونږ سکول په کرایه باندے واخلو۔ د مکتب سکولونو خبره اوشوه، بالکل راروان دا اوس چه کوم مونږ پلاننګ کوؤ، انشاءالله اے ډی پی کښے سکیم مونږ اچوؤ او په صوبه کښے چه څومره مکتب سکولونه دی، هغے ته به مونږ د GPSاو د GGPS درجه هم ورکوؤ۔ منور خان صاحب خبره اوکړه د اپ ګریډیشن، مونږه فنانس ته په خپل پارټ باندے کیس لیږو خو مسئله دا ده چه زمونږه صوبه خو تاسو ته معلومه ده، Financial constraint وی او مسئلے وی، بهرحال انشاءالله دا کیس چه دے نو هغه به مونږه پخپله باندے Pursue کړو۔ مونږ اوس سپیکر صاحب، داسے ده چه داخو په تیر وختونو کښے پکار وه، زه تاسو له مثال درکولے شم چه زمونږه حکومت ته دا کریډټ ځی چه زمونږ په صوبه کښے اکثرو ضلعو کښے دفاترے نه وے، آفسز نه وو، مونږ اے ډی پی سکیم راوړو او Rapidly مونږ روان یو ځکه چه یکمشت زمونږ صوبه چه ده، هغه د دے جوګه نه ده چه مونږ د ټول آفیسز په یک یو وخت باندے جوړ کړو، پکار دا وه چه تیر حکومتونو داInitiative اغستے وےاو اے ډی پی سکیم ئے راوړے وے نو زما یقین دا دےچه اوس به د ټولے صوبے د ضلعے دفترے چه وے، هغه به هم جوړے شوے وے او د سکولونو تعداد چه دے، هغه به هم برابر وو۔ بله خبره سپیکر صاحب، زه دا اوکړمه چه زمونږ د صوبے آبادئ کښے په کوم رفتار باندے اضافه کیږی نو د هغے رفتار د تناسب په بنیاد باندے زمونږه صوبه د دے جوګه نه ده چه مونږ سکولونه جوړ کړو، دا بعضے سکولونه چه دی دا به امر ضرورت

یا بہ امر مجبوری خبرہ دہ ځکہ مونږہ دا رینټ ورکوؤ ګنی دا زمونږ خوښہ نہ دہ۔ اسرار اللہ خان چہ کومہ خبرہ اوکړہ، بالکل مونږہ بہ ډیپارټمنټ تہ ډیپارټمنټ، مونږ کړی ہم دی، مونږہ لہ ایریکشن ہم زمکہ راکړے دہ، مونږ لہ لائیوسٹاک ہم زمکہ راکړے دہ، دا دوئ ډیرہ ښہ خبرہ زمونږ پہ نوټس کښے راوستہ، انشاءاللہ مونږ بہ اوقافو سرہ خبرہ کوؤ او زہ امید لرم چہ منسټر صاحب بہ انشاءاللہ دغہ زمکہ مونږ تہ راکړی۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی، تھینک یو جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، Next Question، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 44۔

جناب سپیکر: جی۔

* 44 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا محکمہ تعلیم میں ایس ای ٹی سائنس کی ضرورت رہتی ہے جبکہ مذکورہ ضرورت کو پورا کرنے کیلئے اساتذہ کنٹریکٹ پر تعینات کئے جاتے ہیں:

(ب) ایس ای ٹیز (سائنس) کی کتنی آسامیاں خالی ہیں، کہاں کہاں اور کب سے خالی پڑی ہیں، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، فی الوقت 2853 ایس ای ٹی اساتذہ پبلک سروس کمیشن سے جون 2011 تک بھرتی کئے جارہے ہیں۔

(ب) ایس ای ٹیز (سائنس) کی 494 آسامیاں خالی ہیں۔ آسامیاں کہاں کہاں اور کب سے خالی پڑی ہیں، ضلع وائز تفصیل مہیا کی گئی۔

Mr. Speaker: Ji, any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی ہاں، سپیکر صاحب، اس میں سپلیمنٹری یہ ہے کہ انہوں نے انفارمیشن دی ہے کہ 494 پوسٹیں ایس ای ٹیز (سائنس) کی خالی ہیں۔ سپیکر صاحب، آپکو اندازہ ہے کہ اس وقت ایک بچہ یہ طے کرتا ہے کہ مجھے آرٹس پڑھنا ہے یا مجھے سائنس پڑھنا ہے تو یہاں سے میڈیکل اور انجینئرنگ کے راستے الگ الگ ہو جاتے ہیں، تو یہ تو بہت نازک موقع ہوتا ہے اور 494 پوسٹیں خالی ہیں تو میں نے اسکا ایک اندازہ لگایا ہے کہ اسکے معنی یہ ہیں کہ 9th اور 10th کو جو استاد پڑھاتا ہے، بچوں کی تعداد اسی (80) نہ کر دی جائے پچاس کر دی جائے تو ایک سال میں دو لاکھ، چوبیس ہزار، دو سو پچاس بچے متاثر ہوتے ہیں اور

بعض جگہوں میں تو یہ بتایا ہے کہ 2003 سے 2001 سے بھی نہیں ہیں، تو میں نے 2003 سے حساب لگایا ہے اور آج تک دو لاکھ، اٹھارہ ہزار، دو سو پچاس بچے ایسے ہیں جو سائنس کے شعبے میں نہیں جا سکے اور میں بہت افسوس سے کہتا ہوں، میں نے چوبیس اضلاع کیلئے معلومات فراہم کی تھیں تاکہ تمام ایم پی ایز کو اپنے اپنے حلقوں میں معلوم ہو جائے کہ کتنی سیٹیں خالی ہیں لیکن دیر اپر، ہری پور، نوشہرہ، صوابی، کوہستان، ملاکنڈ، ایبٹ آباد، چارسدہ، اور بونیر کے بارے میں انہوں نے Date of vacancy مجھے نہیں دی ہے تو میرے سوال کا جواب نامکمل ہے، اگر اسکو پینڈنگ کر دیا جائے یا اس کو، چه څنګه۔۔۔۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب وقار احمد خان:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔ پہلے وہ جی سردار نلوٹھا صاحب۔ او د یره، فرسٹ سردار نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ جو مفتی کفایت اللہ صاحب نے بڑی اچھی نشاندہی کی ہے جی، ایس ای ٹیز (سائنس) پوسٹوں کے حوالے سے، تو جو انہوں نے ڈسٹرکٹ وائز خالی پوسٹوں کی جو فہرست دی ہے، اس میں ضلع ایبٹ آباد سے پندرہ پوسٹوں کی انہوں نے نشاندہی کی ہے کہ پندرہ سکولوں میں سائنس کے ٹیچرز نہیں ہیں تو جناب اس میں میرے حلقے کے تین سکول جن میں میں خود گیا ہوں اور وہاں پر مجھے ڈیمانڈ دیا گیا ہے، سائنس ٹیچر کا مطالبہ کیا گیا تو موھری بڈبین ایک ہائی سکول ہے، اسکا نام انہوں نے نہیں لکھا ہے، ماکول پائیں ہائی سکول کا نام ہے، وہ بھی اس میں درج نہیں ہے، بودلا ہائی سکول میں ایس ای ٹی سائنس ٹیچر کی پوسٹ خالی ہے، اسکا بھی نام نہیں، تو میری منسٹر صاحب یہ درخواست ہے کہ جلد از جلد یہ پوسٹیں پر کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے۔ جی وقار خان۔

<u>جناب وقار احمد خان:</u> مهربانی جناب سپیکر صاحب. زما هم د دے نلوټها صاحب په شان یو سوال دے جی چه په سوات کښے صرف زمونږ د یوے حلقے ئے ورکړی دی، د جعفر شاه صاحب، زما په حلقه کښے زما د کلی درے څلور سکولونه دی جی، په هغے کښے هم تر اوسه پورےایس ای ټی ټیچر نشته نو آیا دے ډیپارټمنټ، زمونږ دے منسټرصاحب د غلط بیانئ نه کار اغستے دے که دا څه؟ دا صرف پینځه پوسټه دوئ ورکړی دی په ثابت سوات کښے او زما په حلقه کښے درے سکولونه داسے دی چه په هغے کښے هم ټیچر نشته۔

جناب سپیکر: جی۔ یہ اگر ہر ایک پہ اتنے اتنے سوال ہم Allow کریں تو کیا ہوگا؟ نہیں یہ دیکھ لینا بابک صاحب! اگر یہ Complete نہ ہوں تو اسکو پینڈنگ کر لیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: زه یو ریکویسټ کومه جی۔ مسئله دا ده چه ایس ای ټی استاذان نشته نو بیا زما تاسو ته ریکویسټ دے چه تاسو پخپله په دے هاؤس کښے، بخښنه غواړمه چه دیو موؤر سره او د یو سوال سره درے سپلیمنټری کوئسچنز وی خو په ایجوکیشن باندے بیا تاسو ډیر مهربانه یئ، کم از کم نو او آټھ سپلیمنټری کوئسچنز اخلئ، بهرحال زه تابعدار یم سپیکر صاحب، خو مسئله صرف دا ده که تاسو ماله موقع راکړه نو زه به وضاحت اوکړمه۔

جناب سپیکر: دا د پوره انفارمیشن د پاره بیا پینډنګ اوساتو؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نه جی، نه، زه ورکوم، انفارمیشن ورکوم، انفارمیشن ورکوم، پوره انفارمیشن ورکوم۔

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر صاحب! په دیکښے زما دا ګزارش دے، زما ټولو محترم ملګرو دا ذکر اوکړو، د سوات د سکولونو انفارمیشن پوره نه دی، دغسے زما په حلقه کښے ماته پته ده، روزانه ماته خلق راځی، سټوډنټان راځی، پینځلس شل سکولونه داسے دی چه په هغے کښے ایس ای ټی اوستاذان نشته، د یو ذکر هم پکښے نشته۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بابک صاحب! دا یو کامن کوئسچن دے، بس ټھیک شوه جی، خبره رااورسیده۔ بابک صاحب، دایو کامن غوندے د ټولو ایم پی ایز حضراتو دغه دے چه انفارمیشن صحیح پکښے نشته۔ څه کوئ جی، بسم اللّٰہ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، داسے ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چه جواب واورو، که مطمئن نه شو نو بیا به۔۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم: زه به کوشش کومه چه زه جواب ورکړم، امید لرم انشاءاللّٰہ چه ټول مشران او ملګری به مطمئن وی۔ سپیکر صاحب، دا سوال مخکښے هم په هاؤس کښے راغلے وو او دا څنګه چه مفتی صاحب خبره کوی یا زمونږ نور ورونړه خبره کوی، مشران خبره کوی چه ایس ای ټی اوستاذان چه

دی، دا کم دی۔ بالکل کم دی، تر اوسه پورے فکر چه دے اتھائیس سو ترپن، اتھائیس سو ترپن استاذان چه دی، ایس ای ٹی (سائنس)او ایس ای ٹی (جنرل)، دا پوسٹونه زمونږ خالی دی او زه په هر جواب کښے به هر گز په تیر حکومت باندے تنقید نه کومه خوهغه معلومات چه کوم یو Ground realityده، هغه به ضرور دے هاؤس ته وایمه۔ تر څو پورے سپیکر صاحب، چه 2853پوسټونه خالی وو، مونږ په 2008-10-23 باندے پبلک سروس کمیشن ته ورکړی دی، په 23-10-2008باندے نو دا خود ټولو مشرانو او د ملگرو په علم کښے ده چه ایس ای ٹی، میں اردو میں بات کروں گا، محترم نلوٹھا صاحب نے بات کی ہے، ایس ای ٹیز جو16، 17 ہیں، وہ پبلک سروس کمیشن کے Purviewمیں آتے ہیں تو ہم نے اپنے پاس سے جو ویکینسیز تھیں، ویکینٹ پوسٹیں تھیں، وہ ہم نے پبلک سروس کمیشن کو دے دی ہیں لیکن میں یہاں پہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم سے پہلے بھی ایک حکومت تھی، اب 2004سے لیکر 2008-10-23تک یا صرف 18فروری 2008تک، سارے صوبے میں اگر اتنی پوسٹیں خالی تھیں اور پبلک سروس کمیشن کے Purviewمیں آتی تھیں تو ان لوگوں نے کیوں ریکوزیشن نہیں کی؟ تو سپیکر صاحب (تالیاں) ہمارے پارٹ پہ، ہمارے پارٹ پہ اگر کوئی کہتا ہے کہ ہم نے کام نہیں کیا ہے تو کام کر رہے ہیں اور ہم نے اپنا کام کیا ہے۔ کل بھی ہمارے سیکرٹری صاحب وہاں پہ گئے ہیں، چیئر مین صاحب سے ملے ہیں۔ ایس ای ٹی (جنرل) کی جو پوسٹیں ہیں، ان کے انٹرویوز ختم ہو گئے ہیں، ایس ای ٹی سائنس کے انٹرویوز شروع ہیں، ہم مسلسل رابطے میں ہیں پبلک سروس کمیشن سے، اور میرے ڈیپارٹمنٹ پہ اگر میرا کوئی بزرگ یا میرا کوئی ساتھی تنقید کرتا ہے تو Well and good; welcome, most welcomeلیکن ہم نے اپنے پارٹ پہ کام کیا ہے۔ میں Assure کرتا ہو کہ ہمارے سیکرٹری صاحب اور میں بذات خود پبلک سروس کمیشن سے Coordinateکر رہے ہیں، انشاء اللہ، انشاء اللہ بہت جلد یہ پوسٹیں Fill upہو جائیں گی، پر ہو جائیں گی۔ دوسری بات سپیکر صاحب، ہماری حکومت کو یہ (تالیاں) کریڈٹ جاتا کہ ہم نے سروس سٹرکچر اناؤنس کیا ہے، ہم نے سروس سٹرکچر دیا ہے۔ جو سی ٹی ہمارے اساتذہ ہیں، چودہ سو Within one & a half month، انشاء اللہ ایس ای ٹیز Promoteہو جائینگے، (تالیاں) اسی سے بھی ہمارا سارا مسئلہ جو ہے، وہ حل ہو جائیگا۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نه دا خو ښه خبره ده، دا چه دومره پروموشنز اوشي نو دا سیټونه به ټول ډک شي او هغه ځایونه خو به نه خالي کیږي چه هغه کومPromote شي۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مهرباني سپیکر صاحب! دا به هم زه اووایمه چه تراوسه پورے په دے درے کالو کښے یا څه د پاسه چه مخدوش حالات دي، نامساعد حالات دي 17000 خلق چه دي، ټیچنګ سټاف او نان ټیچنګ سټاف چه دے، دا زمونږ حکومت په میرټ باندے بهرتي کړي دي سپیکر صاحب، دا هم زمونږ د حکومت۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نه جي چه دا چوده سو، چوده سو چه Promote شي۔۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جي۔

جناب سپیکر: د هغوی دا پوسټونه چوده سو خو به نه Vacant کیږي؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بالکل به نه کیږي انشاء الله، مونږ د ډسټرکټ کیډر پوسټونه Within weeks, within days هغه پوسټونه Fill کوؤ به انشاء الله، که خیر وي۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: بابک صاحب! هسے خفه کیږئ، دا اوګوره څومره دغه درته کیږي چه ښه کار د کړے وي هغے باندے Appreciation ملاویږي۔ مفتي کفایت الله صاحب، Again، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: دا سوال نمبر 45۔ مخکښے زه د ده تعریف کول غواړمه جي۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) بس تعریف خو اوشو جي۔

مفتی کفایت اللہ: او واقعي چه د دوئ په حکومت کښے د دوئ کارګزاري ډیره ښه ده، دا مونږ چه کوشش کوؤ نو د ده د محکمه تعلیم په محل کښے یو ځائے کښے تیاروي نو زمونږ خیال دا وي چه هغه هم رنړا شي کنه۔

جناب سپیکر: دا ښه خبره ده، د Improvement د پاره کوئ، تاسو چه څه هم کوئ د تعلیم د اصلاح د پاره کوئ۔ جي سوال نمبر45۔

* 45 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا حکومت نئے سکول کی تعمیر کیلئے عوام سے مفت زمین حاصل کرتی ہے اور زمین کا انتقال محکمہ تعلیم کے نام کیا جاتا ہے؛

(ب) کیا بعض جگہوں کا انتقال محکمہ تعلیم کے نام کیا گیا ہے مگر ان جگہوں پر ابھی سکولز تعمیر نہیں کئے گئے؛

(ج) ضلع مانسہرہ میں جن جن لوگوں نے مفت جگہ دی ہے، انکے نام، پتہ اور رقبے کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(د) حکومت محکمہ تعلیم ضلع مانسہرہ کے نام انتقال شدہ زمین پر کب تک سکولز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، صرف ان جگہوں کے انتقالات محکمہ تعلیم کے نام کئے جاتے ہیں جہاں سکول تعمیر کرنا ہوتا ہے۔ ضلع بھر میں صرف ایک سکول، جی جی ایم ایس، خراڑ میرا (جس کی سفارش اے ڈی پی 10-2009 کے تحت مڈل درجہ کیلئے کی گئی تھی) کیلئے رقبہ پیمائشی چار کنال بنام محکمہ تعلیم مفت انتقال کیا گیا لیکن بد قسمتی سے مقامی تنازعات کی وجہ سے تاحال تعمیراتی کام شروع نہ ہو سکا، تاہم محکمہ تعلیم ضلع مانسہرہ اس تنازعہ کو حل کرنے کیلئے کوشاں ہے، جونہی اور جیسے ہی سکول کیلئے راستے کا تنازعہ (Link approach) حل ہو جائے گا، فوری کام شروع ہو جائے گا۔

(ج) ضلع مانسہرہ میں جن لوگوں نے مفت جگہ دی ہے، ان کے نام، پتہ اور رقبہ کی تفصیل درج ذیل ہے:

S.No	Name of land donor	Name of School	Mutated land
1	Gulam Haider r/o Kotkay	GPS, Kotkay	2 Kanal
2	Samadar Khan r/o Trairi	GMS, Trairi	4 K & 9 M
3	M. Aslam r/o Jaba	GPS Jaba	2 Kanal
4	M. Faqir r/o Kala Mera	GGPS kala mera	2 Kanal
5	M. Zaman r/o Khabal Bala	GPS Khabal Mera	2 Kanal
6	Jehandad Khan r/o Ukhreela	GPS Ukhreela	2 Kanal
7	Roshan Khan r/o Baffa Khurd	GPS Baffa Khurd	2 Kanal
8	Yaqoob r/o Jaba Trangri	GPS Jaba Trangri	2 Kanal
9	M. Ashraf Khan Tarwara	GMS Trarwara	4 K & 1 M
10	Abdul Jabbar r/o Mohar	GHS Mohar	4 Kanal
11	Taj Mohammad r/o Sokal	GGMS Sokal	4 Kanal
12	Faqir Mohammad r/o Seri Malwal	GGPS Seri Malwal	2 Kanal

13	M. Irshad r/o Reerh	GGHS Reerh	2 Kanal
14	Ali Zaman r/o Gohray Pher	GMS Pher	4 Kanal
15	M. Nazir r/o Tallion	GGPS Tallion	2 Kanal
16	Saidullah r/o Cham	GGPS Cham	2 Kanal
17	Nawab Shah r/o Kharar Mera	GGMS Khara Mera	4 Kanal
18	Abdul Shakoor r/o Mehthal	GHS Mehthal	6 Kanal
19	Waliurrehman r/o Tarha Bala	GPS Tarha Bala	2 Kanal
20	Aurag Zeb r/o Chora Kalan	GPS Chora Kalan	2 Kanal
21	Wajiuz Zaman r/o Oghi	GGPS Bazargay	2 Kanal
22	M. Naeem r/o Bajna	GPS Bajna	4 Kanal & 2 M
23	Sanaullah r/o Hathi Mera	GGMS Hati Mera	4 Kanal
24	M. Fiaz Khan r/o Kodar	GMS Kodar	4 Kanal
25	Faqir Mohammad r/o Malawal Bala	GPS Malawal Bala	2 Kanal
26	M. Waseem r/o Jamal Naka	GPS Jamal Naka	2 Kanal
27	M. Nawaz r/o Kajla	GHS Kajla	4 Kanal

<u>جناب سپیکر</u>: جی، سپلیمنٹری۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: نو د بابک صاحب محترم نه ما دا تپوس کړے دے چه دا کومے زمکے چه انتقال شی د محکمه تعلیم په نوم باندے او څه وجه نه هلته سکول جوړ نه شی نو د هغه غریبانو زمکه لاړه، نو دا یو داسے ایشو ده چه دا هر ځائے کښے موجود ده لیکن د هغے سوال جواب نه دے راغلے نو زه به زبردستی مطمئن یمه جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: (قہقہہ) جی، سردار بابک صاحب۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: مهربانی۔ د مفتی صاحب جی زه شکریه ادا کومه چه زمونږ د اصلاح د پاره ډیر ښه ښه سوالونه راوړی او ډیر ښه ښه تجاویز راوړی۔ دے باره کښے یو خبره اوکړمه جی، تراوسه پورے دا خبره راغلے هم وه او بیا تاسو هم حکم کړے وو چه داسے به وه چه دا لینډ ریکوزیشن به اوشو، لینډ اونر چه به زمکه ورکړه نو دوئ به صرف سټامپ پیپر اولیکلو، اوس مونږ ډیپارټمنټ ته ډائریکټیوز کړی دی چه دا دوئ د انتقال خبره کوی، مونږ وایو چه فوری طور باندے انتقال کوئ چه بیا داسے مسئلے نه راپورته کیږی، لکه په دے یو سکول کښے چه دا کومه مسئله راغلے ده نو مونږ ډائریکټیوز ایشو کړی دی، اوس ټهیک ټهاک هغوی انتقال کوی، د هغے نه پس به بیا دا مسئلے نه راځی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی مفتی کفایت اللہ صاحب Again۔ جی، مفتی کفایت اللہ، چھیالیس نمبر سوال ہے۔

* 46 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا حکومت ہر پرائمری سکول کو مڈل اور مڈل کو ہائی کا درجہ دینے کی منظوری دیتی ہے؛

(ب) ضلع مانسہرہ میں 2008 تا 2010 کتنے اور کونسے سکولز کو پرائمری سے مڈل اور مڈل سے ہائی سکول کا درجہ دیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) ضلع مانسہرہ میں 2008 تا 2010 کل اٹھائیس سکولوں کو پرائمری سے مڈل اور مڈل سے ہائی سکول کا درجہ دیا گیا ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

S.No	Name of Scheme	Name of School	Remarks
1	Upgradation from Primary School to Middle Status Year 2008-09	1.GGPS Bhonja 2. " Hathi Mera 3. " Bajna 4. " Brader 5. " Darbandi 6. GPS Kodar	Completed & Technical Report awaited from EDO (F&P) Mansehra Under Construction Under Construction S&E, sent to Director (E&SE) KPK, Peshawar, Vide No. 2538/dt: 11-02-2011 Under Construction Under Construction
2	Upgradation from Middle Schools to High Status Year 2008-09	1.GGMS Mera Amjad Ali 2. " Khaki 3. "Danda 4.GMS, Phagal 5. " Maithal 6. " Tilli Syedan	Completed & Technical Teport awaited from EDO (F&P) Mansehra Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction
3	Upgradation from Primary School to Middle Status Year 2009-10	1.GGPS Jaloo 2.GPS Goray Pher 3.GGPS Naran 4.GMS Phagal 5. " Kotli Bala 6. "Sokal 7. " Shanai Tilli Syedan H/Z 8. " Arbora 9. GPS, Choshal	Section-V sent to DO (R&E) Mansehra Under Construction Under Construction Layout given & work stop due to non availability of path Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction
4		1.GGMS Baidra	Under Construction

	Upgradation from Middle Schools to High Status Year 2009-10	2. " Sokal 3. " Hungrai 4. " Bai Bala 5.GMS, Chamial 6. " Kalwal 7. "Gawandla Madda Khel	Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction Under Construction

جناب سپیکر: د دے نه مطمئن ئے ؟

مفتی کفایت اللہ: نه جی د یکښے یوه خبره ده، ما تپوس کړے دے د 09-2008او 10، دا درے کاله جوړیږی نو دا خو جی محکمه تعلیم دے، زما استاد دے، زه به ئے شاگرد شمه، ما ته د دا اوښائی چه په درے کښے دا یو کال ولے غائب دے؟ 2008تا 2010۔ زما چه کوم انگلش دے یا څومره حساب دے نو د هغے معنیٰ داده چه یو 2008دے او یو 2009او یو 2010دے۔ دوئ چه کوم معلومات ما له راکړی دی، د دوو کالو ئے راکړی دی، د یو کال ئے نه دی راکړی نو دا که چرته بهول چوک شوے وی نو انسان دے او که قصداً د درے کالو نه وی نو بیا دا کومه فلسفه ده جی؟

جناب سپیکر: جی آنریبل بابک صاحب، سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، ما خو تر کومے پورے د ډیپارټمنټ جواب کتلے دے او ما ډسکس کړے دے، 09-2008او بیا 10-2009ده وه ترقیاتی سکیمونه وو، په هغے کښے ټوټل فگر چه دے، هم دغه د ضلعے د پاره راتلو، بهرحال که هغوی Bifurcate کړے نه وی، لکه چه 09-2008 او بیا 2010-2009، دا خپل ځائے باندے خبره ده او 2008نه 2010پورے مانسهرے ضلع کښے هم دغه اتهائس سکیمونه چه دی، دا یا Establishشوی دی او یا مطلب دا دے چه Progress کښے دی او اپ گریډ شوی دی، دغه اتهائیس تعداد دے، بهر حال د هغے نه علاوه که بیا د مفتی صاحب څه سوال وی نو زه تابعدار یمه جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: حافظ اختر علی صاحب 19-04-2011 کیلئے؛ جناب نمروز خان صاحب 19-04-2011 کیلئے؛ جناب ڈاکٹر حیدر علی صاحب 19-04-2011 کیلئے؛ وجیہہ الزمان خان 19-04-2011 تا22-04-2011؛ ستارہ ایاز

صاحبہ 19-04-2011 کیلئے; سکندر عرفان صاحب 19-04-2011 کیلئے; محمد علی شاہ صاحب 19-04-2011 کیلئے; شیر اعظم خان وزیر صاحب 19-04-2011 کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The leave is granted.

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>جناب سپیکر</u>: یو منټ جی، او د ریږئ جی، دا بزنس لږ دے جی، بس ډیر لږ دے۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Mr. Speaker:</u> 'Call Attention Notices': Mr. Muhammad Akram Khan Durani Sahib, to please move his call attention notice No. 537. Janab honourable Akram Khan Durrani Sahib, please.

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف)</u>: محترم سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ عرصہ دراز سے پی ڈی اے میں ملازمت کرنے والے ورک چارج اور فکسڈ ملازمین کو صوبائی حکومت نے کئی بار مستقل کرنے کی اور تنخواہوں میں چار ہزار سے سات ہزار تک اضافے کی یقین دہانیاں کرائی ہیں لیکن اس پر کوئی عمل نہیں ہو رہا ہے، لہذا ان کی پریشانی کو دور کیا جائے۔ محترم سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسټر صاحب ئے نشته، څنګه څه فائده به اوکړی؟

<u>قائد حزب اختلاف</u>: زما خیال دے دا خو Collective responsibility ده، بیا ئے دوئ بشیر خان ته ورکړئ۔ محترم سپیکر صاحب، چونکه دے موجوده ګرانئ ته چه اوګورے او دلته د خلقو داژوند اوګورے نو په دیکښے جی زمونږ په دے پی ډی اے کښے چه کوم ملازمین دی، د هغوی صرف چار هزار روپئ فکسډ تنخواه ده او دا غریبانان د لرے لرے کلو نه جی راځی، څوک به کرایه ورکوی، اکثر د داسے ځایونو نه راشی چه کوم ځائے نه دے راځی، چه هغه د ده چار هزار تنخواه ده، هغه خو د ده د آنے جانے په کرایه باندے اولګی۔ بیا که چرته د داسے ځائے نه راځی او بیا دلته پاتے کیږی نو یوه کمره چه دوئ ډیر د کم قیمت هم رهائش کوی نو د چار هزار نه خو یوه کمره هم کمه نشته نو زما به دا ګزارش وی ستاسو دے حکومت ته چه دوئ په دے باندے نظر ثانی اوکړی۔ چونکه نن

سبا په چار هزار باندے اجرت چه کوم دے ، دا زما خیال دے چرته په کلو کښے چه اوس چرته میښے گرځوی، هغے کښے هم نشته دے نو دا ټول هغه غریب خلق دی جی چه اوس دلته یا مالی دے یا د روډ صفائی کوی یا بل څه کوی نو زمونږ هغه طبقه ده چه هغه انتهائی د غربت سره مخامخ ده، حالانکه نن سبا په چار هزار باندے څوک نه کوی خو دا ډیر مجبوره خلق دی نو زه به ستاسو شکریه ادا کړمه او ستاسو گورنمنټ نه زما دا دغه دے چه که چرته د دوئ په حال باندے نظر ثانی اوکړی۔

Mr. Speaker: Ji, Rahimdad Khan, Senior Minister for Planning and Development.

جناب رحیم داد خان {سینئیر وزیر (منصوبہ بندی)}: Thank you very much, Sir۔ درانی صاحب چه کومه خبره اوکړه، دا نهایت اهم ده او بیا گزاره چه کوم ده ډیره گرانه ده خوچه څنگه ملکی صورتحال دے ، دغه شان د حکومت هم پریشانئ او داسے حالات دی چه ډیر خیزونه چه کوم دی، چیلنجزدی چه هغه به کوؤ او د دے متعلق پی ډی اے چه کوم دے خپل اخراجات پخپله کوی او بیا یقین دهانی ورکوؤ چه په دے به مناسب غور هم کیږی او چه کوم دیکښے ملازمین دی چه هغه کوالیفائی کوی نو هغه به تقریباً مستقل شی۔

Mr. Speaker: Thank you. Janab Javed Abbasi Sahib, to please move his call attention notice No. 542.

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much, Mr. speaker۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ایوب میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں پانچ سو ملازمین کو پچھلے کئی مہینوں سے تنخواہ نہیں دی جارہی ہے اوران کو نوکری سے نکالا جارہاہے۔ جناب سپیکر، ان کو یہ کہا جارہا ہے کہ آپ تمام ملازمین ڈیلی ویجز پر ہیں حالانکہ ان کو نوکری دیتے وقت ایسی کوئی بات نہیں بتائی گئی تھی۔ جناب سپیکر، اگر اتنی بڑی تعداد میں ملازمین کو نوکری سے فارغ کیا گیا تو نہ صرف پانچ سو خاندانوں کے چولہے بجھ جائیں گے بلکہ ہزارہ کے اندر ایک بہت بڑالاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ بھی پیدا ہوگا اور ساتھ ہی ہسپتال کی کارکردگی بھی بری طرح متاثر ہوگی۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب! یہ ہیلتھ منسٹر نہیں ہیں تو ان کی۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ بہت اہم معاملہ ہے۔ چونکہ یہ Collective ذمہ داری ہے تمام وزراء صاحبان کی اور مجھے کسی کا بھی جواب چاہیئے ہو گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔ بسم اللہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کال اٹینشن ہے، کال اٹینشن ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: میری پوری بات۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! اس کیلئے جب پوری تیاری نہیں ہو گی، لیکن جناب سپیکر صاحب، جب ہاؤس۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں تو اس کو پینڈنگ رکھ رہا تھا لیکن جاوید عباسی صاحب Insist کر رہے تھے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، لیکن۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں آج کی بات کر رہا ہوں جناب سپیکر صاحب، اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔ عبدالاکبر خان! آپ پارٹی لیڈر ہیں، آپ اس کا جواب دینگے۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ بہت Important۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کے منسٹر صاحب نہیں ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب، ہمارے پاس کوئی اور ذریعہ نہیں تھا، توجہ دلاؤ نوٹس پچھلے پانچ چھ دنوں سے مسلسل آ رہا ہے، اگر منسٹر صاحب نہیں Available یا وہ نہیں آنا چاہتے یا اس کا جواب نہیں دینا چاہتے تو ہمارا اس میں کوئی قصور نہیں ہے، ہم تو روزیہاں آتے ہیں۔ ہونا یہ چاہیئے، یہ روایت ہی اس اسمبلی میں بڑی غلط چلی ہے کہ منسٹر صاحبان اپنے سوالوں کے جواب دینے کیلئے اسمبلی میں موجود نہیں ہوتے، منسٹر صاحب اپنے توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب دینے کیلئے نہیں ہوتے، اگر یہ اس اسمبلی کو، اس معزز ایوان کو اہمیت نہیں دیتے تو اس سے بڑا اور فورم کونسا ہے؟

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: اس سے بڑیJobقوم کی کونسی ہو سکتی ہے، میں آج بڑے بوجھل دل سے کہہ رہا ہوں کہ یہ حکومت ان معاملات کو سیریس نہیں لے رہی ہے اور آج ہمارے کانوں میں جو آوازیں آ رہی ہیں،اس میں سب نے چلے جانا ہے جناب سپیکر اور جس مسئلے کی طرف جناب سپیکر، میں آ رہا ہوں۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، آپ تشریف رکھیں آپ کی باری آئیگی، مجھے اپنی بات کرنے دیں عبدالاکبر خان صاحب! جب بھی ہماری بات آتی ہے۔۔۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، بسم اللہ پڑھیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ ہمیں زور کے ساتھ مت دبائیں۔ جناب سپیکر، یہ کسی ایک آدمی کی بات نہیں، ایک درجن ملازمین کی بات نہیں، پانچ سو ملازمین کی میں بات کر رہا ہوں جناب سپیکر، پانچ سو ملازمین کی۔۔۔۔۔

آوازیں: شیم، شیم۔

جناب محمد جاوید عباسی: جب ان کو بھرتی کیا جا رہا تھا تو میں نے اس فلور پر کھڑے ہو کر کہا تھا، میں چلا رہا تھا کہ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہوا ہے کہ جناب سپیکر، ڈاکٹرز کو ڈیلی ویجز پر بھرتی کیا گیا ہے، ٹیکنیشنز کو ڈیلی ویجز پر بھرتی کیا گیا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، کلاس فور کی صرف بات نہیں کر رہا، جب پانچ سو ملازمین کو بھرتی کر دیا گیا، جن لوگوں نے بھرتی کیا انہوں نے اپنی جیبیں بھریں، پچاس لاکھ روپیہ وہ ایم ایس، وہ چیف ایگزیکٹیو لے کے چلا گیا، اتنا پیسہ اس ہسپتال سے تو علیحدہ کر دیا گیا، وہ چلا گیا۔ نیا چیف ایگزیکٹیو آ گیا جو بھرتی کرنے والا تھا، نئے آنے والے نے کہا کہ اب ان کو فارغ کرو۔ پچھلے چار مہینوں سے جناب سپیکر، ان کو تنخواہ نہیں ملی اور اب ان کو کہہ رہے ہیں کہ میں ایک قلم کے Strokeسے آپ سب کو فارغ کروں گا۔ جناب سپیکر، آپ جانتے ہیں کہ ہزارہ کے اندر ایک مومنٹ چل رہی ہے، میں یہ سازش سمجھتا ہوں اور ہم چیف منسٹر صاحب کے مشکور ہیں، مجھ سے بھی ملے اور ہمارے ایم پی ایز صاحبان سے بھی ملے۔ چیف منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ یہ زیادتی ہے ان ملازمین کے ساتھ کہ اگر ان کو بھرتی کیا گیا تو ان کو نہیں نکالا جانا چاہیئے، یہ آواز آپ فلور پر اٹھائیں۔ ہم آج اس لئے جناب سپیکر، یہاں یہ آواز اٹھا رہے ہیں کہ وہ پانچ سو گھرانے جنکو نوکریاں دی گئی تھیں، جو کئی مہینوں سے ملازم تھے، اب پچھلے چار مہینوں سے جناب سپیکر، ان کی تنخواہ روک دی گئی ہے اور اب ایک ہفتہ پہلے ان کو بلایا گیا اور انکو کہا گیا کہ آپ کو نوکریوں سے

فارغ کریں گے تو کیا میں سمجھوں کہ، چیف منسٹر صاحب کی اور پالیسی ہے یہاں اور ہیلتھ منسٹر صاحب کی یہاں اور پالیسی ہے؟ ساری دنیا میں جناب سپیکر، اگر ایک دفعہ کسی کو نوکری اس زمانے میں مل جائے تو پھر تو یہ ساری حکومت کو کریڈٹ جانا چاہیئے تھا۔ آج یہ سازش کی جارہی ہے اور یہ سازش کیوں ہورہی ہے جناب سپیکر؟ کہ جو ہزارہ کے اندر تحریک چل رہی ہے، اس میں وہ طاقت آجائے گی، اگر یہ سازش کی گئی، پانچ سو ملازمین کو فارغ کیا گیا، وہ ایک ملازم نہیں ہے جناب سپیکر، ہر خاندان میں بیس بیس لوگ ہیں، وہ باہر کھڑے ہونگے اور اس تحریک کو سپورٹ کریں گے، لہذا ہماری آپ سے گزارش ہے کہ یہ پانچ سو آدمیوں کے مستقبل کی بناء پر جناب سپیکر، اور مجھے شاید آج حکومت سے انصاف کی توقع نہیں ہے لیکن آپ کی کرسی سے اور آپ سے انصاف کی توقع ہے کہ یہاں آج میں چاہونگا کہ جناب سپیکر، آپ صرف جواب نہ لیں بلکہ آج رولنگ یہاں دیں کہ یہ پانچ سو ملازمین کو کسی طور پر فارغ نہ کیا جائے، ان کی تنخواہیں دی جائیں، انکے بچے سکول جارہے ہونگے، چولہے جلیں اور اگر ان کو فارغ کیا گیا تو جناب سپیکر، ہم پرزور مطالبہ کریں گے اور نہ ہوا تو قلندر لودھی صاحب پر بھی دباؤ ڈالیں گے، انشاءاللہ یہاں ہزارہ کے ممبران احتجاج کریں گے۔ اس معاملے پر آگے بات بھی بننے دیں گے، اس لئے کہ یہ ہماری عزت اور غیرت کا مسئلہ ہے اور یہ ہمارے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی، ہزارہ کے ساتھ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی فنانس سے کون جواب دے گا؟

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر صاحب! میں اس پر ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، اس پر نہیں، کال اٹنشن پر نہیں ہوسکتی، کال اٹنشن پر بات نہیں ہوسکتی۔ جی آنریبل سینئیر منسٹر رحیم داد خان صاحب۔ رولز پر چلیں گے، رولز پر، ادھر ادھر زیادہ نہیں ہونا ہے۔ میں بھی کوشش کرتا ہوں آپ لوگوں کو Accommodate کرنے کی، اس کے بعد اس پر بولیں۔ جی۔

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}:</u> جناب سپیکر، دوئ چه کومه خبره اوکړه، دے سره متعلقه نورے مسئلے هم دا سے دی چه هغه په کورټ کښے دی نو په دے باندے ذکر کول، بحث کول 'سبجیوډیس' دی۔

<u>جناب سپیکر:</u> دا په کورټ کښے دی؟

<u>سینیئر وزیر (منصوبہ بندی):</u> کورټ کښے دی۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: تاسو کبنینئ، This is kept pending ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اس کا Reply دے دے سینئیر منسٹر صاحب کو۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ یہ رولز آف پروسیجر میں پہلے نہیں تھا اور اسی لئے اگر آپ دیکھیں تو جو رول 52 ہے، اس میں نیا رول Add کرنے کی بجائے 52 کے ساتھ پھر (A),(B),(C),(D),(E) لگایا گیا، چونکہ وہ پہلے رولز میں نہیں تھا تو یہ Add کیا گیا اور اس کا بنیادی مقصد یہی تھا کہ ایک Urgent, important، جس طرح یہ Matter انہوں نے اٹھایا ہے، وہ Sitting سے ایک گھنٹہ، یہ دیکھیں جی، ایک گھنٹہ پہلے بھی سپیکر کو وہ نوٹس دیا جا سکتا ہے Sitting سے، اگر دس بجے آپ کی Sitting ہے تو نو بجے آپ کو نوٹس ایک ممبر دے سکتا ہے، ایک گھنٹہ پہلے لیکن جناب سپیکر، میری ایک درخواست ہو گی کہ، اس طرح Important call attention notices یا تو آپ ایجنڈے پر نہ رکھیں جب تک منسٹر اس دن Present نہ ہو، جس دن وہ Present ہو اسی دن اس کو ایجنڈے پر رکھیں۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک منٹ، ایک منٹ، ایک منٹ میں بات کروں، میں بات کروں، میں بات کروں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: میں بات کروں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، آپ مہربانی کرکے، اب اگر۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: آپ کیوں Defend کر رہے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: میں Defend نہیں کر رہا ہوں، میں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! یہ 124 ممبرز ہیں، آنریبل ممبرز 124 ہیں تو منسٹرز کی تو ذمہ واری ہے کہ وہ ادھر بیٹھا کریں۔

(تالیاں)

جناب عبدالاکبر خان: اس لئے سر، میں نے آپ کو پوائنٹ آف آرڈر Raise کیا تھا کہ منسٹرز بھی ایم پی ایز ہیں، پہلے وہ ایم پی ایز ہیں پھر اس کے بعد وہ منسٹرز ہیں۔ جب ہم اندر داخل ہوتے ہیں تو جو روسٹر پر رجسٹر رکھا ہوتا ہے، صرف ممبرز اس پر دستخط کرتے ہیں اور منسٹرز اس پر دستخط نہیں کرتے، کیا وہ ممبرز نہیں ہیں؟ اس طرح جب ہم درخواست (تالیاں) جناب سپیکر، جب ہم چھٹی کی درخواست کرتے ہیں، اس پر میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے اور ابھی تک اس پر رولنگ Reserved ہے، جس طرح ہم چھٹی کی درخواست کرتے ہیں، منسٹر بھی ایم پی اے ہے، وہ آپ سے چھٹی کیوں نہیں لیتا؟ اگر منسٹر آپ سے چھٹی لیتا تو آپ کو پتہ ہوتا کہ فلاں منسٹر نہیں آرہا ہے، اس کے کال اٹنشن نوٹس کو آپ اس دن پر کر لیتے۔ اس لئے جناب سپیکر، میں مانتا ہوں کہ بڑی Important بات آنریبل ممبر نے، چونکہ اس کے ضلعے کی ہے، اس کے حلقے کی ہے، بڑی Important بات ہے تو میری درخواست ان سے بھی ہو گی، میں آج ہی ان سے رابطہ کرونگا اور آپ بھی رابطہ کریں کہ وہ آکر ان کو Satisfy کر سکیں، اس کال اٹنشن نوٹس پر۔

جناب سپیکر: لیکن عبدالاکبر خان! ایک بات ہے نا، جو منسٹر صاحب نہیں آرہے ہیں تو بہت پہلے سے Circulated business ہے، وہ تو کم از کم دوسرے اپنے Colleagues کو بریف کریں کہ میری مجبوری ہے، اس کو پوری طرح جواب کیلئے تیار کرنا چاہیئے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! اگر آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اتنا بھی For granted تو نہ لیں، اس ہاؤس کو۔

جناب عبدالاکبر خان: اگر آپ منسٹر کو بھی ایم پی اے Consider کر رہے ہیں، میرے پوائنٹ آف آرڈر پر آپ رولنگ دے دیں کہ Minister is also as MPA، ٹھیک ہے وہ منسٹر ہو گا گورنمنٹ کا، وہ اس ہاؤس کا ممبر ہے، وہ ایم پی اے ہے۔ جس طرح آپ Treat کرتے ہیں ایم پی ایز کو، اسی طرح آپ منسٹر کو بھی As MPA یہاں پر Treat کریں گے اور جو پابندی یا جو بات ہم پر ہو گی، وہ ان پر ہو گی۔ ہم درخواست دیتے ہیں چھٹی کی، وہ بھی آپ کو درخواست دے گا، آپ کو پتہ لگے گا کہ کونسا منسٹر نہیں آرہا ہے، کونسا منسٹر آرہا ہے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔
جناب سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور۔
جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر! جب ہم تحریک استحقاق موؤ کرتے ہیں تو وہاں پر تو یہ ہمارے ساتھ بن جاتے ہیں کہ تحریک استحقاق ان کو Cover کرتا ہے اور پھر یہاں پر وہ منسٹرز بن جاتے ہیں تو یہ بھی ایک Dichotomy ہے، مہربانی کر کے اس کو کلیئر کریں، یا تو پھر وہ تحریک استحقاق۔۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: اس پر مناسب وقت پر میں اپنی رولنگ میں کلیئر کرونگا، تھینک یو جی۔ عبدالاکبر خان۔
جناب محمد جاوید عباسی: میری اس تحریک کو پینڈنگ کریں۔
جناب سپیکر: This is kept pending; this is kept pending اور منسٹر کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اتنی لمبی چوڑی غیر حاضری نہ کریں اور اگر کرنی ہے خواہ مخواہ تو ہمیں Intimate کریں، ہاؤس کو تاکہ ہمیں پتہ چلے کہ اس کی کیا بزنس ہے؟ Abdul Akbar Khan, Chairman of the Standing Committee No. 18 on Local Government, to please move that report of the Committee, already presented on 10-02-2011, may be adopted.
جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میری درخواست ہو گی کہ ایک تو لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب بھی نہیں ہیں، دوسری لوکل گورنمنٹ کیلئے آپ نے ایک سلیکٹ کمیٹی بنائی ہے جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں امینڈمنٹ کر رہی ہے، چونکہ یہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے تو میری ہاؤس سے اور آپ سے درخواست ہو گی کہ اس کو پینڈنگ کر لیں تاکہ جب وہ امینڈمنٹس ہوں تو اسی میں اس کو بھی Incorporate کر لیں۔
جناب سپیکر: یہ ہاؤس اگر اجازت دے دے تو۔۔۔۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Okay
Mr. Speaker: This is kept pending.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر!
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!
جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ۔ اسرار اللہ خان! ایک منٹ۔ بس یہ تھوڑا سا، اچھا یہ بحث آ گئی۔ ون بائی ون، ون بائی ون۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ تھینک یو، سر۔ چونکہ مائیک ایک کھل گیا ہے۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میرا بھی ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے جی اور میں اس پر بولنا چاہونگی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر میری گزارش ہوگی اور وہ سر، میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کی بھی Interest اس وجہ سے ہوگی اور آج اخبارات میں وہ بات آئی ہے، کل یہاں پر ہمارے منسٹر صاحب اگر ہوتے تو بہتر ہوتا، انہوں نے ایک بات کہی تھی کہ سپیکر صاحب آپ مہربانی کر کے محکموں کو ہدایات نہ دیں۔ سر، میں نے اس کو جب دیکھا، یہ Rule 241 ہے، Rule 241 کو اگر میں Read out کروں سر، اس میں ہے: "Residuary powers of the Speaker:- Any matter arising in connection with the business of the Assembly and its Committees, for which no specific provision exists in these rules, shall be decided by the Speaker and his decision shall be final and all questions relating to the detailed working of these rules shall be regulated in such manner, as the Speaker may, from time to time direct." ۔ سر یہ 241 جو ہے یہ Basically آپ کی Residuary powers جہاں مطلب ہے رولز کلیئر نہ ہوں، یہاں پر سر جو Interesting بات ہے، وہ یہ ہے کہ بزنس، پھر بزنس کی اگر آپ Definition میں جائیں تو جو Definition رولز کی ہماری ہے، وہ وہاں پر نہیں ہے لیکن رول 24 جو ہے سر، List of Business، اس میں جو لسٹ آف بزنس آپ کی آتی ہے، اس میں کہا جاتا ہے 'Says as otherwise provided in these rules, اس کا سر جو (b) ہے، یہ (b)(2) 24 کی میں بات کرتا ہوں، "no business, not included in the List of Business shall be transected at any sitting," یعنی وہی بزنس Transect ہوگی جو کہ ایجنڈے کی ہمیں کاپی ملتی ہے "except business of a formal or ceremonial nature which may be permitted by the Speaker;" یعنی وہ بزنس آپ کی Formal یا Ceremonial ہے، اس کی آپ اجازت دے دیں، تو سر میں اس پر آپ سے یہ رولنگ چاہتا ہوں، چونکہ آج جو اخبارات نے اس کو اچھالا ہے کہ سپیکر کے پاس یہ اختیار ہی نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں، آنریبل منسٹر صاحب جو ہیں، وہ یقیناً بڑے لائق ہیں، Practicing lawyer بھی ہیں، انہوں نے اس چیز کو شاید اس حوالے سے

دیکھا ہو کہ ایک آپکی ایگزیکٹیو ہے، ایک آپ کی مقننہ ہے جو کہ لیجسلیٹرز ہیں، ایک آپ کی جوڈیشری ہے،
ہر ایک کے جو رولز ہیں وہ علیحدہ علیحدہ انکو Govern کرتے ہیں اور انکا یہ خیال ہو کہ یہاں سے اگر وہ
ہدایات جاتی ہیں تو وہ ان کو Overlap کرتی ہیں لیکن سر آپ رولز آف بزنس اپنے دیکھ لیں، یہ یہ نہیں
ہے کہ صرف اس اسمبلی نے بنائے ہیں، سر ان کو آئین کا آرٹیکل 67 Cover کرتا ہے اور اس کے تحت
ان میں وقتاً فوقتاً امینڈ منٹس ہوتی ہیں۔ آئین جو ہوتا ہے، آپ کے Basic parameters ہوتے ہیں،
اس کے نیچے رولز بنتے ہیں اور وہ رولز ان کو Govern کرتے ہیں، تو سر میں اس میں آپ سے یہ رولنگ
چاہتا ہوں کہ آپ مہربانی کر کے اپنی Residuary powers ہیں اور ان میں جو بزنس ہے، اس میں
مجھے یہ بتایا جائے کہ آپ جو یہاں سے رولنگ دے دیتے ہیں، اس کی کیا حیثیت ہو جاتی ہے؟ جہاں تک میں
سمجھتا ہوں یہ بزنس میں آتا ہے کہ جس کو آپ Entertain کر لیں یا تو گورنمنٹ سر کہے کہ میں اس کو
نہیں لیتا اور یہ فریش کوسچن آئے، جب وہ Reply دے دیتی ہے اور انکے Reply کے جواب میں آپ
وہاں سے رولنگ دے دیتے ہیں تو اس کو پھر کنفیوز کرنا کہ آپ کے پاس اختیارات نہیں ہیں، تو میں سر
آپ سے اس پر رولنگ چاہتا ہوں۔ تھینک سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو جی۔ یہ جو کہ کانسٹی ٹیوشنل پوسٹ ہے------

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر صاحب! میں ایک اور بات، یہ بڑی Important بات اسرار
صاحب نے کہی، You are not only a Speaker of this Assembly, you are
custodian of the House اور جب کسٹوڈین کہا جاتا ہے تو کسٹوڈین کا یہ مطلب نہیں کہ آپ
دیواروں کے کسٹوڈین ہیں یا آپ یہاں باہر لان کے کسٹوڈین ہیں، یہاں اس اسمبلی کی جو اور چیزیں ہیں، اس
کے کسٹوڈین ہیں آپ ان 124 ممبرز کے Rights and privileges کے بھی کسٹوڈین ہیں، یہاں پر
اپوزیشن بھی بیٹھتی ہے، یہاں پر حکومت بھی بیٹھتی ہے تو آپ دونوں کے کسٹوڈین ہیں۔ آپ کی نظر
میں اپوزیشن اور گورنمنٹ دونوں ایک جیسے ہونگے، آپ Impartial ہونگے اور اسی لئے جناب
سپیکر، دنیا کے جب تمام سپیکرز صاحبان کا مطالعہ کریں تو وہ Impartial ہوتے ہیں، بالکل مکمل اور اس
لئے ہوتے ہیں کہ وہ کسٹوڈین ہوتے ہیں سب ہاؤس کے تو جناب سپیکر، اگر As a Member میرے
ساتھ کچھ پرابلم ہوتا ہے تو میں کس کے پاس جاؤں، اس ہاؤس میں آپ مجھے وہ جگہ بتا دیں جس کے پاس
میں اپنا وہ پرابلم لے کے جاؤں؟ Definitely میں وہ پرابلم آپ کے سامنے Raise کرونگا اور اگر آپ

میرا وہ پرابلم حل نہیں کر سکتے تو آپ میرے کیسے کسٹوڈین ہیں، آپ میرے کیسے محافظ ہیں، آپ میرے Rights کے، As a Member میرے Rights کے کیسے آپ محافظ ہیں؟ تو Definitely آپ میرے Rights کو دیکھتے ہوئے آپ ایک انسٹرکشن دیں گے، ایک ڈائریکشن دیں گے، اگر اس ڈائریکشن پر ایگزیکٹیو اس طرح عمل نہیں کرتی تو پھر اس ہاؤس کی ضرورت کیا ہے، پھر آپ کی ضرورت کیا ہے، پھر سپیکر کی ضرورت کیا ہے؟ اس لئے جناب سپیکر، جو پوائنٹ آف آرڈر انہوں نے اٹھایا ہے، یہ بڑے Important nature کا پوائنٹ آف آرڈر ہے اور یہ نہ صرف آج کا بلکہ آئندہ کیلئے جو بھی اسمبلیاں آئیں گی، ان کیلئے ایک مشعل راہ ہو گی، یہ بہت Important، یہ مستقبل کی بات کیلئے، آج کیلئے بھی لیکن مستقبل کیلئے بھی ہے، تو میری درخواست ہو گی کہ اس پر آپ رولنگ دے دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں اس بات پر بڑا کلیئر ہوں کہ سپیکر کی کیا Jurisdiction ہے اور کیا اختیارات ہیں؟ میں Detailed ruling بعد میں دونگا لیکن ہم اپنی Jurisdiction سے باہر نہیں نکلتے اور یہ کرسی، یہ چیئر بڑی عارضی چیئر ہے، اس ہاؤس نے مجھے منتخب کیا ہے، مجھے پتہ ہے کہ میں نے ہاؤس کے ہر ممبر کے حقوق کی کس طرح حفاظت کرنی ہے اور (تالیاں) ایک ایک ممبر کی عزت مجھے اپنی عزت سے زیادہ پیاری ہے (تالیاں) میں اس پر Detailed ruling انشاء اللہ جلدی دونگا۔ تھینک یو جی۔ جی بی بی، نگہت اورکزئی بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ میں کل سے آپ سے پوائنٹ آف آرڈر ایک بہت اہم مسئلے کیلئے مانگ رہی تھی کیونکہ یہ میرے پورے صوبے خیبر پختونخوا کی بچیوں کا معاملہ ہے جو کہ ڈیرہ اسماعیل خان سے لیکر چترال اور چترال سے لیکر کوہستان تک کی بچیاں جو ہماری مختلف یونیورسٹیز میں پڑھتی ہیں، جناب سپیکر صاحب، مجھے بڑے افسوس سے یہاں اس ہاؤس میں، اس فورم سے یہ بات اٹھانی پڑ رہی ہے اور میرا خیال ہے منسٹر صاحب اگر مجھے توجہ دیں، جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے درخواست کرونگی کہ اگر آپ قاضی اسد صاحب کو کہیں کہ میری طرف متوجہ ہو جائیں کیونکہ یہ انہی کے ڈیپارٹمنٹ کا معاملہ ہے۔ قاضی اسد صاحب اپنی منی اسمبلی لگا لیتے ہیں جب بھی کوئی اہم پوائنٹ آف آرڈر ہوتا ہے جناب سپیکر صاحب، لیکن انہی کے ساتھ اس کا تعلق ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں شارٹ بات کرنا چاہونگی کہ ہمارے کچھ ڈیپارٹمنٹس کے جو ہیڈز ہیں اور ان کی جو وہاں پر بچیاں پڑھتی ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کو Sexual harassment کی دھمکیاں دی جاتی ہیں جناب سپیکر صاحب، اور یہ بات میں

یہاں پر باوثوق ذرائع اور خود میں نے چونکہ اس بات کو Probe کیا ہے جناب سپیکر صاحب، تب میں اس اسمبلی میں یہ معاملہ لے کر آئی ہوں کہ وہ ان کو Insist کرتے ہیں کہ وہ ان سے پیار محبت کی راہیں بڑھائیں تب ان کے نمبرز زیادہ آئیں گے ورنہ ان کی Supplementary آ جائینگی۔ جناب سپیکر صاحب، بہت سے والدین نے اپنی بیٹیاں جو ہیں، تو وہ ان کالجوں سے، ان ڈیپارٹمنٹس سے اٹھالی ہیں اور جناب سپیکر صاحب، ایک بات اور یہ کہ یہ معاملہ وی سی کے پاس موجود ہے، وی سی کے پاس باقاعدہ Written complaints ہیں اور میں نے یہ معاملہ اس فورم پر اس لئے اٹھایا ہے کہ میں آپ کی وساطت سے چانسلر صاحب کو یہ ریکویسٹ کرنا چاہتی ہوں کہ وہ اس کو Probe کریں کیونکہ یہ ہمارے معاشرے کا جو ہے، تو آپ کو پتہ ہے اور پورے خیبر پختونخوا کو پتہ ہے کہ یہ عزت کا معاملہ ہے اور بہت چپکے چپکے سے بہت سی ہماری جو بچیاں ہیں، وہ تعلیم سے محروم ہوتی جارہی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے یہ بھی گزارش کرونگی کہ وہ ویمن کمیشن کا، جو ویمن کمیشن بنا ہے، اس کو اس کی انکوائری پر، اس کو Probe کرنے پر لگایا جائے اور یہاں پر سوشل ویلفیئر کی منسٹر صاحبہ نہیں ہیں، ان کو اگر آپ ہدایت دیں کہ ان کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی جائے اور وہ اس کو Probe کریں اور اس کی Investigation کریں اور جو بھی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اس میں ملوث پایا جاتا ہے جناب سپیکر صاحب، تو اس کو سرعام کوڑے لگائے جائیں اور اس کو اس کے بعد سرعام سزا دی جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> پہلے جی، پہلے گورنمنٹ کو سن لیتے ہیں۔ جناب آنریبل قاضی اسد، قاضی اسد صاحب، آنریبل منسٹر فار ہائر ایجوکیشن۔

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> تھینک یو، سر۔ سر ایم پی اے صاحبہ نے جس بات کی طرف اشارہ کیا ہے، یہ تو بہت ہی گھناؤنا ایک جرم ہے، میرے ساتھ انہوں نے پہلے اس قسم کی کوئی بات نہیں کی، اگر اپنے طور پر مجھے بتا دیتی تو میں اس کو Probe کر کے اور جو بھی اس بارے میں ہو سکتا تھا، وہ میں کر لیتا لیکن انہوں نے ابھی پوائنٹ آؤٹ کیا سر، انشاء اللہ تعالیٰ اس پر میں Strict action لوں گا اور میں فلور آف دی ہاؤس پر یہ اعلان کرتا ہوں کہ اس میں جو بھی شامل ہوا یا جس کا نام بھی آیا اور وہ Prove ہو گیا تو اس کو سخت سے سخت انشاء اللہ سزا دی جائیگی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، قاضی صاحب۔ میاں نثار گل صاحب، مختصر، مختصر جی۔ دوہ، دوہ منتہ نو۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل کے بعد۔

میاں نثار گل کاکاخیل: شکریہ سر۔ سر، میں توآپ سے معذرت کرتاہوں کہ دو، تین منٹ لوں گاکیونکہ میری تحریک التواء تھی، وہ ٹیبل بھی ہوئی تھی لیکن پتہ نہیں کن وجوہات سے واپس کی گئی؟اب میں سر کہنا چاہتاہوں کہ مجھے پوائنٹ آف آرڈر پراگراجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل: Thank you so much, Sir۔ سر بات یہ ہے کہ آپ اس ایوان میں تقریباًتین سال سے بیٹھے ہیں اور شکر الحمد للہ اس ایوان نے ایک متفقہ قرارداد یہ پیش کی تھی اور پاس بھی ہوئی تھی کہ جنوبی اضلاع، کوہاٹ ڈویژن اور خصوصاًضلع کرک آئل اینڈ گیس سے مالا مال ہے، کرک میں آئل ریفائنری بنائی جائے۔ جناب سپیکر، ایک قرارداد گئی ہوئی تھی، ملک قاسم اور میں نے مشترکہ پیش کی تھی اور اس کا واپس جواب آگیا کہ ابھی تک اتنے تیل اور گیس کے ذخائر نہیں ہیں کہ ہم ریفائنری بنائیں، جب اتنی تعداد پوری ہو جائیگی تو پھر انشاءاللہ تعالیٰ وقت کے ساتھ ساتھ ہم کرک میں ریفائنری بنائیں گے۔ جناب سپیکر، ہمارے قابل احترام گورنر بیرسٹر مسعود کوثر صاحب جس کی خدمات پورے صوبے کیلئے ہیں اور پورے ملک کیلئے ہیں، بہت ہی اچھے ہیں اور ہم اس پر فخر بھی کرتے ہیں کہ وہ کوہاٹ ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، وہ ایک ہفتہ پہلے کوہاٹ گئے تھے اور کوہاٹ میں ایک 'کانوکیشن' تھا یونیورسٹی میں تو اس میں انہوں نے اعلان کیا تھا اور 'مشرق' میں بڑی سرخی بھی آئی تھی کہ بہت جلد میں وزیراعظم صاحب کے ساتھ ملکر کوہاٹ میں آئل ریفائنری اور کوہاٹ میں گیس سے بجلی پیدا کرنے والا پلانٹ لگاؤں گا۔ جناب سپیکر، یہ بہت اچھی بات ہے، بہت ہی دلیرانہ بات ہے کہ شکر الحمد للہ جنوبی اضلاع میں ایک بڑی انڈسٹری بن جائیگی لیکن میں یہ وضاحت کرنا چاہتاہوں جناب سپیکر، کہ اسمبلی کی قرارداد جو پاس ہوئی تھی، اس سے پہلے وہ اس اسمبلی نے متفقہ پاس کی، اگر ایسے بیانات آتے ہیں تو میں اس ہاؤس سے اور آپ سے یہ ریکویسٹ کرنا چاہتاہوں کہ پھر حکومت کیلئے مسائل پیدا ہونگے کیونکہ پھر کمپنیوں کے لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے بنیں گے۔ حق یہ ہونا چاہیئے کہ جو ضلع سب سے زیادہ پیداوار دیتا ہے، اس کے نزدیک، میرے دوسرے دوست اقبال فنا بیٹھے ہوئے ہیں، کرٹپہ ایک ایسا پوائنٹ ہے کہ جو کوہاٹ اور کرک دونوں کے سنگم پر واقع ہے، پھر ایسی کمیٹی بنانی چاہیئے کہ وہ جاکر ادھر فزیبیلٹی دیکھ لے، خدا نخواستہ جناب سپیکر، کل وزیراعظم

صاحب اس چیز کی Approval دے دیں اور گورنر صاحب تو بھی بہت ہی اس کا دکھ رکھتے ہیں، اس کے متعلق اگر ایک چیز ایسی بن گئی تو میں اس ایوان میں ایک بات لانا چاہتا ہوں، اس سے پہلے اکرم خان درانی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے چیف منسٹر تھے، افتخار حسین صاحب ہمارے بہت ہی مہربان ہیں، کوہاٹ کیلئے انہوں نے اسی طرح ایک اعلان کیا تھا کہ میں ڈوڈا میں سی پی اے پلانٹ بناؤں گا تو میں اس فلور پر درانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ خود ہیلی کاپٹر میں آئے تھے گرگری اور انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ان علاقوں کا حق ہے جن علاقوں کے وسائل پیدا ہوتے ہیں، تو میں اس ایوان سے اور اس ہاؤس سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بڑاSensitive مسئلہ ہے جناب سپیکر، آپ ایک ٹائم گورنر صاحب سے لے لیں پھر اسی سے متعلق ایک کمیٹی بنادیں، کوہاٹ ڈویژن ہمارا ہے، کوہاٹ والے ہمارے بھائی ہیں لیکن ایک متفقہ فیصلہ ہو کہ وہ ایسی جگہ پر بن جائے کہ پورے صوبے کیلئے اور پورے پاکستان کیلئے اس سے فائدہ ہو اور میں پریس والے بھائیوں کو بھی کہنا چاہتا ہوں کہ یہ پورے صوبے کیلئے بہت ہی اہم مسئلہ ہے اور اس کیلئے ایک کمیٹی بننی چاہیئے۔ میں نے تحریک التواء اس لئے پیش کی تھی سر، کہ آپ اس پر ایک کمیٹی بنائیں گے لیکن پتہ نہیں اس پر گورنر صاحب کا نام تھا، میں گورنر صاحب کو قابل احترام سمجھتا ہوں، وہ ہمارے بڑے عزت دار معاشرے سے تعلق رکھتے ہیں لیکن اخبار میں جو میں نے بیان دیکھا تھا، اس کے متعلق میں وضاحت کرنا چاہتا تھا۔ اگر حکومت کی طرف مجھے کوئی تسلی بخش جواب مل جائے تو میں انشاء اللہ تعالیٰ پھر نہیں چاہوں گا کہ اس پر دوبارہ بحث ہو۔ شکریہ۔

<u>ڈاکٹر اقبال دین</u>: سپیکر صاحب! زه پرے هم یو دوه خبرے کوم۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا اخباری اطلاع ده جی، په دے باندے دا سے ------

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: نه جی، مونږ به پرے هم خبره کوؤ------

<u>ڈاکٹر اقبال دین</u>: بس یو منټ به اخلو جی------

<u>جناب سپیکر</u>: نه اوکړئ خو دوه منټو نه زیاتے مه کوئ جی۔ یو یو، اول ملک قاسم صاحب! ته اوکړه، بیا ډاکټر صاحب ته اوکړه۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: شکریه جناب سپیکر۔ لکه څه رنګ چه میاں نثار ګل صاحب اووئیل، حقیقت دا دے، ټول جنوبی اضلاع د پاره دا یو نیک شګون پیغام دے چه ګورنر صاحب کوم اعلان کړے دے، مونږ غواړو چه جنوبی اضلاع کښے چه

کوم وسائل تیل گیس پیدا دی، هغے نه مونږ دا سے فائده واخلو لکه څه رنګ چه دوئ اعلان کړے دے چه هلته به ریفائنری وی سر۔ جناب والا، د دے اسمبلئ د مرکزی حکومت نه او د صوبائی حکومت نه د مخکښے نه مطالبه ده چه دے کرک ضلع کښے د دا آئل ریفائنری د کړپے په مقام باندے جوړه شی۔ کړپه داسے یو سنګم دے چه دا د کوهاټ او د کرک باؤنډری ده نو دا ډیر موزوں مقام دے او د هغے نه بعد زه جی دعوت ورکومه حکومت ته، که چرے دوئ مونږ ته اجازت راکړی او مونږ فنانس کړی، مونږ خپله په کرک کښے د پانچ سو میګاواټ بجلی ګهر د جوړولو زه اعلان کومه د دے اسمبلئ په فلور باندے چه مونږ ته دا کوم پن بجلی یا کومے دا پیسے چه لګی لګیا دی په ملاکنډ کښے، په نورو اضلاع کښے، د صوبے په نورو حصو کښے، کرک کښے د پن بجلی د پاره چه کوم په اربونه روپئ مونږ دلته کښے د مرکز نه حاصل کړی دی نو دیکښے د دا پانچ سو میګاواټ بجلی ګهر شامل شی، دا جی د صوبے ګټه ده۔ یو طرف ته د توانائی دومره بحران دے چه ټول ملک په ترتر کښے دے او بل طرف ته په کرک کښے دومره په آسانه سره بجلی پیدا کولو مواقع موجود دی او جناب والا، دیده و دانسته هغے طرف ته توجه نه ورکوی، دا یو لمحه فکریه ده او خدائے پاک د زمونږ حکومت ته داسے همت ورکړی چه دے په خپلو پښو اودریږی او دا انرجی پروګرام چه کوم په کرک کښے دے، ډیر وسائل موجود دی او هغے ته چه دغه اوکړی او مونږه دا وایو ګورنر صاحب ته چه کرک هم ستا ضلع ده، ته د دے صوبے غړے ئے او مونږ ته په تا باندے فخر دے، کرک د ځان نه مه بیلوه په دغه طریقه باندے، هسے هم کرک کښے په دے معامله باندے ډیره لوبه لګیاده چه خلق نور مشتعل نه شی۔

جناب سپیکر: انشاء الله، ټهیک شوه جی۔ جی ډاکټر فنا صاحب، شکریه ډاکټر فنا صاحب۔

ډاکټر اقبال دین: مهربانی سپیکرصاحب۔ دے میاں نثار صاحب چه کومه مسئله رااوچته کړه، د دے باره کښے جی اسمبلئ کښے قرارداد ما دلته پیش کړے وو او Unanimously قرارداد چه کوم پاس شوے وو، هغے کښے دا وو چه په کوهاټ او ترجیحاً په شکر دره کښے د آئل ریفائنری جوړه شی ځکه چه هغه ټائم

پورے د شکردرے پروډکشن ډیر زیات وو۔ اوس زه دا منم چه کرک کښے هم کافی زیات مقدار سره تیل دی اومیاں نثار صاحب چه کومه نکته پیش کړه چه داسے ځائے کښے وی چه د شکردرے ، د کرک ، د هنگو ، د کوهاټ دا آئل چه مونږه اوړو کومے ریفائنری ته چه هغه په داسے مینځومانه ځائے وی چه د ټولو ځایونو په مینځ کښے وی او هلته به د آئل د راوړلو تکلیف هم کم وی ، ځکه چه د آئل ریفائنری د پاره چه اوس اټک ته زمونږ کوم آئل روان دی ، سل گاډی تقریباً ټینکرے د شکر درے نه روانے دی، دغه هومره د کرک نه روان دی او زمونږ ټول انفراسټرکچر هغے سره تباه کیږی لگیا دے ، زمونږ ټول سړکونه ورسره تباه کیږی لگیا دی۔ د کرک او د شکر درے نه گاډی روان شی کوهاټ ته او بیا کوهاټ نه خوشحال گړه پورے زمونږ داسړکونه مسلسل د دے ټریفک ، چه کوم د دوئ ټینکرے روانے دی ، د دے وجه نه تباه کیږی لگیادی نو میاں نثار صاحب چه کوم مسئله رااوچته کړه چه د هنگو ، د کوهاټ ، د کرک درے واړو په مینځ کښے او انشاء اللّٰه دا کوم ځائے چه دوئ Propose کړو ، دا د دے په مینځ کښے راځی چه دغلته کښے آئل ریفائنری قائمه شی جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> دا چونکه فیډرل سبجیکټ دے ، تاسو پرے څوک خبرے کول غواړئ ؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> که ستاسو اجازت وی سپیکر صاحب ؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی، بسم اللہ، سردار بابک صاحب۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> مهربانی سپیکرصاحب۔ میاں صاحب چه کومه خبره راپورته کړه سپیکر صاحب، بیشکه څنگه چه تاسو هم ذکر اوکړو چه د اخبار خبرله دومره اهمیت ورکول نه دی پکار چه په اخبار کښے یو خبره راشی او دا خیبر پختونخوا چه ده، دیکښے هیڅ شک نشته چه دیکښے څلیرویشت یا پینځویشت ضلعے دی خو مونږ ته د دے ټولو مثال یو داسے ښکاری چه دا د ټولو خپل کور دے او بیا چه په اخبار کښے یو خبر راشی، د یوے ضلعے یو ملگرے یا یو مشر یو خبره په یو شکل باندے کوی او بیا د بلے ضلعے یو ملگرے یو مشر په بل شکل باندے خبره کوی نو دے سره د میډیا ملگری هم ناست دی، دا خبره خدائے مه کړه چه داسے دغه شی، زه د حکومت د طرف نه دا وئیل غواړم سپیکر صاحب چه زمونږ وزیر اعلیٰ صاحب تاسو ټولو ته معلومه ده چه په

کوم ځائے کښے هم څه کار کیږی یاداسے ترقیاتی عمل کیږی، په مشاورت باندے کار کوی نو زما به خواست دا وی چه د کرک ملګری یا مشران چه دا که شک ګنړی یا په دیکښے داسے څه خبره ګنړی چه د کرک خلاف څه خبره کیږی یا د کوهاټ ملګری او مشران داسے څه خبره ګنړی نو داسے هیڅ څه خبره نشته، چه کومه خبره کیږی د ټولو په مشاورت باندے کیږی۔ تاسو د ګیس رائلټئ ته اوګورئ، تاسو ټوبیکوسس ته اوګورئ چه په کوم کوم ځائے کښے رائلټی ده، کوم کوم ځائے کښے پیداوار دے، زه خو دا وئیلے شم چه زمونږ وزیراعلیٰ صاحب هغه علاقو ته او هغه حلقو ته د هر چا نه سیوا اهمیت ورکړے دے، لهذا زه خپلو مشرانو له دا یقین دهانی ورکومه چه کومه خبره هم د حکومت د طرف نه کیږی، دا به د ټولو مشرانو، د ملګرو په مشاورت سره کیږی، لهذا دے خبرے له په دے شکل باندے دومره هوا ورکول نه دی پکار چه خدائے مه کړه د یوے ضلعے د خلقو یا د بلے ضلعے د خلقود هغے نه د دشمنئ طرف ته لاړه شی یا دومره اختلاف طرف ته لاړه شی چه بیا خبره راغونډول ګران شی، نو بهرحال زه یقین دهانی ورکوم چه انشاءالله چه کومه خبره کیږی، دا به د ټولوپه مشاورت باندے کیږی۔ مهربانی۔

قومی مالیاتی کمیشن 2009 بمعہ وضاحتی یاداشت پر بحث

<u>Mr. Speaker:</u> Item No. 9: Discussion on the Summary of Recommendation and Explanatory Memorandum of National Finance Commission, 2009.

<u>جناب جعفر شاہ:</u> جناب سپیکر، میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر تھا۔

<u>جناب سپیکر:</u> ابھی تھوڑی سی اس پر کوئی بات کرنا چاہتا ہے۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> جناب سپیکر، آج ایجنڈا کافی Lengthy ہے تو کل جو عبدالاکبر خان کی بحث تھی، میرے خیال میں اگر آج ہم اس کو وائنڈاپ کرلیں اور پھر اس کو جمعے پر یا Alternate day پر لے لیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> ہاں، میرے خیال میں یہ ٹھیک رہے گا کہ جو Unfinished business کل کی رہ چکی ہے، پہلے اس کو، مطلب اس پر درانی صاحب سپیچ کرکے، پھر اس کو وائنڈاپ کرکے ختم کرلیں اور پھر جو کوسچن پر، ڈسکشن کیلئے، بنک آف خیبر کیلئے جو ہوا تھا، اس کو اگر لیں۔

Mr. Speaker: Okay, this is kept pending.
Mr. Abdul Akbar Khan: Yes, Sir; thank you.

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: دے پسے جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ جناب سپیکر، ایک اہم مسئلے کی طرف میں ہاؤس کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جناب، آج ملک میں جاری خانہ شماری کی یہ آخری تاریخ ہے، 19 اور۔۔۔۔۔۔

آوازیں: بڑھ گئی ہے، بڑھ گئی ہے۔

جناب جعفر شاہ: بڑھ گئی ہے؟ اگر بڑھی نہیں ہے تو یہی میں نے بات کروانی تھی کہ اس میں توسیع دی جائے کیونکہ کافی، پچاس فیصد سے زیادہ ابھی Settled area میں اور پچیس فیصد فاٹا میں۔۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: آپ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے؟

جناب جعفر شاہ: ہو گیا ہے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: Extension، د خانہ شمارئ Date ختم شوے دے؟

جناب جعفر شاہ: او دوئ وائی چہ Extension ئے ورکڑے دے، I don't Know۔

جناب سپیکر: آج Extension مل گئی ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: Extend کر دی گئی لیکن حکومت کو نہیں پتہ جناب، (قہقہہ) سب کو پتہ ہے لیکن حکومت کو نہیں پتہ۔

جناب سپیکر: تو Extension کس نے دی ہے؟

(قہقہہ)

جناب محمد جاوید عباسی: یہی بڑی عجیب بات ہے کہ وہ ہماری طرف دیکھ رہے ہیں، Extension ہوئی ہے یا نہیں؟

(قہقہہ)

جناب سپیکر: جناب رحیم داد خان صاحب! یہ جو جعفر شاہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر آپ کو۔۔۔۔۔

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}: میں تو نہیں سن سکا ہوں، اس سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ دوبارہ (قہقہہ) کیونکہ ہم کرک کے مسئلے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، میاں نثار گل صاحب، میاں نثار گل صاحب، یہ بہت Important business ہو رہی ہے۔ سارے ہاؤس میں دو تین وزیر صاحبان بیٹھے ہیں، آپ ان کو Busy کیوں رکھتے ہیں؟ ان کے ذہن پر کرک ہی سوار ہے، آپ نے اتنی تیزی دکھادی، کس وزیر صاحب کو پتہ ہے کہ یہ Extension ہوئی ہے کہ نہیں ہوئی؟ جی ریونیو منسٹر، آنریبل منسٹر، ریونیو۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): سر، یہ خبروں میں آیا ہے کہ انہوں نے، محکمہ نے خود جو چھ دن کی، پانچ چھ تاریخ تک Extend کر دی ہے جی۔

جناب جاوید محمد عباسی: یہ جناب کس کی خبریں پڑھ رہا تھا؟

(شور)

جناب سپیکر: چلیں تھینک یو۔ غلام قادر، غلام قادر خان صاحب۔

جناب غلام قادر خان بیٹنی: جناب سپیکر۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ان کے بعد، ان کے بعد، ان کے بعد۔ غلام قادر خان صاحب۔

جناب غلام قادر خان بیٹنی: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، جی۔ بس بیٹھ جائیں، بیٹھ جائیں جی۔ جی، غلام قادر خان صاحب۔

جناب غلام قادر خان بیٹنی: سپیکر صاحب، مونږ ته یوه خاص مسئله په ټانک کښے راپیښه ده، د لسو پینځلسو ورځو نه۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب غلام قادر خان بیٹنی: د دیهاتو نه خلق راشی ټانک ته، ټانک ته بیا نه وی رارسیدلی چه هغلته دوئ کرفیو لګولی وی، ډی آئی خان روډ بند وی، ټانک او پیزو روډ بند وی، جنډوله روډ بندوی، لهذا دا کرفیو د ختمه شی یا که لګوی ئے، څه یو مخصوص ټائم د ورکړی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ښه جی۔

جناب غلام قادر خان بیٹنی: دویمه د ټانک او د ډی آئی خان روډ مونږ باندے ماښام نه بند شی، زمونږه کاروبار یا هسپتال چه کوم دے، دا ډی آئی خان سره دے، دا د

ماښام نه بند وی، دا د تقریباً گیاره باره بجے پورے، د شپے ټائم د ورته ورکړی۔

جناب سپیکر: جی، جناب امجد آفریدی صاحب! آپ جنوبی اضلاع سے تعلق رکھتے ہیں، جواب آپ دے دیں۔

(تالیاں)

جناب امجد خان آفریدی (وزیر ہاؤسنگ): جی یہ سوال ویسے میرے ڈیپارٹمنٹ کا نہیں، نہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہے لیکن کرفیو لگا دیتے ہیں، جی وہاں۔

جناب سپیکر: یہ جنوبی اضلاع کے ساتھ اس کا تعلق۔۔۔۔

وزیر ہاؤسنگ: کرفیو لگا دیتے ہیں جی، کرفیو۔

Mr. Speaker: Ji, Janab Rahim Dad Khan Sahib, Senior Minister for Planning and Development.

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی): جناب سپیکر، زمونږ چه کوم حالات دی، تاسو ته نه بلکه ټولو ته معلوم دی او بیا چه دوئ د کوم روډ خبره کوی، ټانک نو دغه فاټا ته ځی او په هغه ځائے باندے آرمی هم ځی او بیا داسے وخت څه ایمرجنسی شی نو هغوی Need basisباندے چه کوم دے، دا کارروائی کوی نو مونږ له پکار دی چه مونږ کوآپریشن اوکړو، آرمی سره کوآپریشن اوکړو او زمونږ دا کوم مشکلات دی، تکلیفات دی، هغه رکاولو د پاره چه کوم دے او دا عارضی خبرے دی، که مونږ کوآپریشن اوکړو، ټول یو شو نو دا حالات به ټهیک شی او چه بغیر کوآپریشن نه چه کوم دے دا یواځے آرمی او داسے دا فورسز چه کوم دی، دا سرته نه شی رسولے نو زه ممبر صاحب ته ریکویسټ کوم چه داڅه موده په ډیرو کبنے دا موبائل فون چه کوم وو، هم بند وو، هم دغے حالاتو په وجه باندے، اوس هغلته کبنے حالات ټهیک شو نو هغے ته ئے آزادی ورکړه نو دغه شان وخت چه تیریږی نو دا حالات به کنټرول کیږی۔ دغه شان زمونږ د ملاکنډ روډ چه کوم وو، دا به هم کرفیو پرے وه او د تخت بهائی نه واخله Onward ځومره ځایونه چه کوم وواو په هغے باندے خلقو ته نقصانات، مشکلات وو خو خلقو کوآپریشن کولو، هغے کوآپریشن په وجه باندے دا څومره زمونږ فورسز چه

کوم دی، حکومت کامیابی حاصله کړه۔ زه دوئ ته ریکویسټ کوم چه په دے دغه باندے دا وخت دا سے دے چه مونږه دے فورسز سره کوآپریشن کوؤ۔

جناب سپیکر: جی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، فنانس منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، تو اس طرح تھا کہ گزشتہ بارہ تاریخ کو تحریک صوبہ ہزارہ کے شہداء کی عقیدت کیلئے ایک Day رکھا ہوا تھا، پچھلے سال اپریل کی بارہ تاریخ کو شہید ہوئے تھے تو اس دوران ہی یہ ایوب ٹیچنگ ہسپتال والوں نے کہا، یہ پانچ سولڑکے تھے، انہوں نے ہمیں بلایا تھا، سب ایم پی ایز کو، By chance میرے دوسرے بھائی نہیں تھے، میں وہاں گیا تو ان کو لوگوں نے کچھ اکسایا ہوا تھا، وہ گڑبڑ کچھ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ بن رہا تھا، تو اس دوران چونکہ ہماری پہلی تحریک میں بھی تھوڑا سا کوئی مسئلہ بن گیا کہ اس میں دو گروپ علیحدہ علیحدہ اپنے اجلاس کر رہے تھے، جلسے جلوس کر رہے تھے تو اس پر بڑے Worried تھے چیف منسٹر صاحب کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی جھگڑا ہو، پچھلے سال کا وہ دوہرایا جائے، تو اس میں انہوں نے جی مصالحتی کمیٹی بنائی ہماری اور ہم نے ایک جگہ جلسہ کیا جس پر چیف منسٹر صاحب بڑے خوش ہوئے لیکن اس کے ساتھ میں سات تاریخ کو ان کے علم میں یہ بات لایا کہ بارہ تاریخ کو پھر کوئی گڑبڑ ہوگی، یہ پانچ سو بچوں کا جو مسئلہ ہے، جاوید عباسی صاحب نے بھی جو نوٹس لایا تو اس پر چیف منسٹر صاحب نے ایکشن لیا اور اس پر انہوں نے سیکرٹری ہیلتھ کو لکھا کہ ابھی اس کو At the earliest Put up کریں اور ان کیلئے اس سے گرانٹ مانگیئے۔ چیف ایگزیکٹیو نے چھٹی لکھی ہے کہ مجھے اڑھتیس ہزار روپے Per month، اڑھتیس لاکھ روپے Per month چاہیئے اور میں نے مارچ کی بھی تنخواہ نہیں دی اور اس سے آگے بھی، تو ان بچوں کو ہم نے جی تسلی دی کہ آپ بارہ تاریخ کو کوئی ایسا اقدام نہ کریں جس سے کوئی ایسا مسئلہ لاء اینڈ آرڈر کا پیدا ہو تو اس تسلی کے ساتھ وہ بچارے آرام سے ہمارے جلسے میں شریک ہوئے اور بارہ دن گزر گئے۔ یہ سات تاریخ کی بات ہے، چیف منسٹر نے ہیلتھ سیکرٹری کو لکھا تھا اور اس نے میرے خیال میں شاید فنانس میں خواہ مخواہ بھیجا ہوا ہوگا، فنانس منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اگر ان کے علم میں ہے تو بتادیں کو وہ گرانٹ ہمیں دے رہے ہیں؟ چونکہ وہ نہیں دینگے تو بچوں کو اس کے بعد ریگولر کرنے کا دوسرا مسئلہ ہے لیکن ابھی تو ان کو تنخواہ ہی نہیں ملی تو ان کے چولے کیسے جلیں گے جی؟

Mr. Speaker: Honourable Minister Finance, Please.

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر صاحب، دا قلندر لودھی صاحب چہ کومہ خبرہ اوکڑہ نو ہیلتھ ڈیپارټمنټ تہ ډائریکټیوز ملاؤ شوی دی، دا سے دغہ دے چہ مونږ تہ اول Intimation دیکبنے وو نہ، زہ بہ ئے چیک کړم جی، قلندر لودھی صاحب تہ بہ زہ د ھغے واپسی جواب ورکړم چہ آیا فنانس تہ، بلکہ یہ میرا خیال ہے، یہ مسئلہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا ہے، زہ بہ جی دا اوګورم چہ مونږ تہ، فنانس تہ د دغہ راغلے دے ہیلتھ ډیپارټمنټ رالیږلے دے کہ نہ؟ د ہیلتھ ډیپارټمنټ دغہ دے، زہ بہ قلندر لودھی صاحب-----

جناب سپیکر: چہ راغلے وی نو کوشش اوکړئ چہ فوری ورتہ دا مسئلہ حل کړئ---

وزیر خزانہ: ھغہ بہ اوګورو جی، کیس بہ حل شی جی۔

جناب سپیکر: مسئلہ حل کریں۔ ابھی عبدالاکبر خان دو چیزیں ڈسکشن کیلئے ہیں، ایک ہے آپ کی جو خیبر بینک والی اور دوسری ایچ ای سی والی، کونسی فرسٹ لے لیں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر میرے خیال میں چونکہ ایچ ای سی Continue تھا کل سے تو میرے خیال میں آج اس کو ختم کریں تاکہ پھر اس کے بعد خیبر بینک کو شروع کریں۔

جناب سپیکر: تو پھر اس کے بعد؟

جناب عبدالاکبر خان: خیبر بینک کو کر لیں۔

جناب سپیکر: Okay، ایچ ای سی پر کون پہلے؟ جی اسرار اللہ خان۔

تحریک التواء نمبر 263 پر بحث

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر میں مشکور ہوں اور کوشش یہی کرونگا کہ اختصار سے کام لوں۔ سر میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ادارے ہوتے ہیں، یہ ایک Process سے ہو کر گزرتے ہیں اور ہونا پھر سر یہ چاہیئے کہ ہم میں ایک Political maturity آنی چاہیئے اور جب ادارے پر انگلی اٹھے تو ہم کو Unanimous ایک سٹینڈ لینا چاہیئے۔ آج سر، میں دیکھ رہا ہوں کہ کل جو ہمارے مفتی صاحب، ہمارے لئے قابل احترام ہیں، عبدالاکبر خان جو مسئلہ لیکر آئے تھے، یقیناً اُن کی ذات کا یا حلقے کا نہیں تھا بلکہ اس صوبے کا ایک ایشو تھا، پراونشل اٹانومی کے حوالے سے تھا اور اس حوالے سے تھا کہ آئین کی بالادستی ہو لیکن سر ہم یہاں سے ایک Mix message دے رہے ہیں، ایک ایسا پیغام دے رہے ہیں جو میں

سمجھتا ہوں کہ ایک ادارے کی مضبوطی کیلئے ٹھیک نہیں ہے۔ ایک تو سر، مجھ سے پہلے ہمارے انور خان دوست نے بات کی اور انہوں نے بالکل ٹھیک کہا کہ وہ پارٹیاں جو کہ اٹھارہویں ترمیم کا حصہ رہی ہیں، آج وہ کیوں اس قسم کے پیغامات دے رہی ہیں کہ یہ جو چیزیں ہیں، ان کو دوبارہ ہونا چاہیئے اور ایک پنڈورا باکس کھلنا چاہیئے اور پھر اس پر ایک اور ترمیم آنی چاہیئے؟ سر، آپ دیکھیں امریکہ کا سر کانسٹی ٹیوشن ہے غالباً دو سو سال پرانا ہے، ہمارے پڑوسی ملک ہندوستان میں جو آئین ہے، وہ تقریباً کوئی ساٹھ سال پرانا ہے، امریکہ کا جو آئین ہے، جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے، اس میں آخری ترمیم جو آئی تھی، وہ جارج واشنگٹن کے ٹائم پر آئی تھی، جب انہوں نے ایک امینڈمنٹ Propose کی تھی کہ جو پریذیڈنٹ ہوگا وہ تیسری بار الیکٹ نہیں ہو سکے گا اور مل ملا کے کوئی چھبیس اس میں امینڈمنٹس ہیں۔ آج سر آئین ہم نے بنایا ہے 1973 میں، دو بار اس میں مارشل لاء آ چکا ہے اور جب اٹھارہویں ترمیم ایک متفقہ ڈاکومنٹ کی شکل میں آئی تو سر اس کے بعد ایک انیسویں آ گئی جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ نے دل بڑا کر کے کی تھی تاکہ عدلیہ کے ساتھ جو ٹکراؤ کی کیفیت تھی وہ نہ ہو۔ ایک طرف سر دو سو سالہ پرانی ایک تاریخ ہے، اس میں چھبیس امینڈمنٹس آتی ہیں۔ ہمارا کوئی تیس سال یا پینتیس سال کا جو آئینی سٹرکچر ہے اور جس میں مارشل لاء ز بھی آ چکے ہیں، انیسویں ترامیم تک تو ہم پہنچ چکے ہیں اور پھر یہ بازگشت ہے کہ نہیں اس میں مزید لائی جائیں۔ میں تو سر، یہ سمجھتا ہوں کہ آئین جو ہے، آپ کے Basic Parameters بناتے ہیں، اس کے نیچے آپ کا قانون بنتا ہے اور اس قانون کے نیچے پھر قواعد بنتے ہیں۔ اس انداز میں اگر ہم آئین میں تیزی سے، اور یہ ہے کہ ہم ایک اپنا Image یہ بنا رہے ہیں کہ میڈیا پر Persons بیٹھے ہونگے، Anchor Persons ہونگے، وہ آئینگے اور وہ سوالات کریں گے اور سیاسی پارٹیوں کو پھر Defensive پر کر کے اور اپنی مرضی کی Statement لیکر اور پھر اس کو Highlight کیا جائے گا اور پھر اس پر شور مچے گا کہ یہ تو جو منتخب اسمبلیاں ہیں، یہ کوئی اس قسم کا رول ادا کر رہی ہیں جو کہ ان کو نہیں کرنا چاہیئے، تو سر میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو پریکٹس ہے اور یہ Populism جو ہے، ہماری سیاست میں میرے خیال میں، تو ہمیں اور جو پارٹیاں ہیں ان کو ان سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ اگر ہم تشہیر میں اس حد تک آگے چلے جائیں کہ ہماری Basic conventions ہی نہیں رہے اور ہمارا یہ خیال ہو کہ بس جس طریقے سے ایک شور و غل برپا ہوا ہے، اس کا ہم ساتھ دیں، یہی سیاست ہے تو میں تو سر سمجھتا ہوں، مجھے سر دکھ اس وقت ہوا کہ جو احسن اقبال صاحب ہیں، ایک سینیئر بندے ہیں اور میں سر سمجھتا ہوں، ایک تو یہ ہے کہ آپ کی پارٹی کی لیڈر

شپ ہوتی ہے جو کہ اس قسم کے امور سے واقف نہ ہو، وہ اگر کوئی بیان دے دے، چلو پھر بھی ایک بات ہے لیکن ایک سینیئر بندہ اور وہ کہتا ہے کہ نہیں ایچ ای سی جو ہے، یہ تو اگر آپ سے کچھ غلطی ہوئی ہے تو آپ اس کو Rectify کریں اور اس میں یہ مشکلات ہیں، سر یہ تو اس وقت دیکھنا چاہیئے تھا جب آپ آئینی ترمیم پاس کر رہے تھے۔ ساتھ ہی سر، میں توجہ چاہونگا ان کی، آئین میں سر آرٹیکل 25(A) In corporate کیا گیا ہے، اس میں جو Basic education آپ کی رکھی گئی ہے جو کہ سٹیٹ کی Responsibility بنتی ہے، وہ Year five سے لیکر Year sixteen تک جو آپ کی Gap ہے اس کو Cover کرتے ہیں، میرے خیال میں وہ دسویں تک ہے، وہ آپ کا Basic right گردانا گیا ہے۔ اس کے بعد جو تعلیم ہے سر، وہ آپ کا Basic right نہیں ہے، وہ Depend کرے گی ہر ایک سٹیٹ کی یا جو پراونس ہے، اس کی Capability پر اور ان چیزوں کو پھر اکٹھا کرنا کہ وہ جو بچہ ہے، اس کو تعلیم، سر وہ آئین اس کی گارنٹی دیتا ہے۔ جب وہ پانچ سال کا ہو جائے اور تعلیم حاصل کرنے لگ جائے اور سولہ سال تک اگر فیل نہ ہو تو میرے خیال میں دسویں تک بنتا ہے، وہ سر آپ کی Guaranteed ہے، اس کے بعد پھر صوبے کے جو اپنے وسائل ہیں، اس پر Depend کرے گا تو میں تو سر یہ سمجھتا ہوں اور میری یہ درخواست ہوگی کیونکہ اس کے بعد نون کے بھی ہمارے دوست بولیں گے تو مہربانی کر کے آج چونکہ منسٹر صاحب شاید اس کو Conclude بھی کریں، ایچ ای سی پر ہمیں اس قسم کا پیغام بالکل باہر نہیں دینا چاہیئے کہ ہم اپنے اقدامات میں، یا ہمارے اپنے قدموں میں لرزش ہے اور ہم ایک اس قسم کا پیغام دیں کہ نہیں پارٹیاں جو بیٹھی ہوئی ہیں، ہمیں یہ پیغام دینا چاہیئے کہ آئین نے Basic parameters سیٹ کر دیئے، یہ قانون کے نیچے جو بھی ہوگا قانون کے نیچے ہوگا اور آئین سے انشاء اللہ ہم باہر نہیں جائیں گے اور قانون پر عمل درآمد پھر کروائینگے۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ جاوید عباسی صاحب۔ دو، دو منٹ لے لیں اور ستار خان بھی بہت جلال میں بیٹھے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، یہ بہت اہم ایشو تھا اور ہم عبدالاکبر خان کے مشکور ہیں کہ اس نے اسمبلی میں لایا ہے۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ یہ جو 18th amendment کیلئے جناب سپیکر جو کمیٹی بنائی گئی تھی اور یہ 1973 کا کانسٹی ٹیوشن جب لکھا جا رہا تو اس کے بعد یہ بہت بڑا کارنامہ ہوا تھا جناب، اور یہ کسی ایک سیاسی جماعت کے حصے میں نہیں جاتا بلکہ ان تمام

جمہوری اقدار کی پاسداری کرنے والی تمام سیاسی جماعتیں جو اسکا حصہ بنی ہوئی تھیں، انہوں نے بڑی محنت کے ساتھ یہ ڈاکومنٹ تیار کیا تھا اور یہ امینڈمنٹ لائی تھی اور یہ امینڈمنٹ ضروری بھی تھی کہ یہ بہت سی پاورز، Presidential powers بھی پرائم منسٹر کی جانب ٹرانسفر ہونی تھیں اور جمہوریت بحال کرنے کیلئے اور جمہوریت کو مضبوط کرنے کیلئے امینڈمنٹ ضروری تھی اور وہاں بہت سے اور اچھے اقدام ہوئے۔ جہاں ججز کی اپوائنمنٹ کے بارے میں کہا گیا، میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں Devolution اب ضروری ہے اور یہ ہمارا پہلا قدم ہے Devolution کی طرف، یقیناً جب بھی ادارے Devolve ہونگے اور Devolution لائی جائے گی، کچھ پرابلم ضرور شروع میں سامنے آئیں گے لیکن اس ڈر سے اگر یہ کام ہم شروع نہ کریں کہ یہ آئندہ آنے والے ہم کر نہیں سکیں گے، ایجوکیشن کا معاملہ، سب نے اگر متفقہ طور پر اس پر سوچا تھا، ہاں سوچ میں غلطی بھی ہو سکتی ہے، بعض دفعہ اس میں ترمیم تک بھی لائی جاتی ہے کہ دیکھا جاتا ہے کہ حالات ایسے ہیں، حالات ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ نہیں؟ اب اس چیز میں امینڈمنٹ کی ضرورت ہے تو ہمارے ہاں چونکہ Written Constitution ہے اور یہ پارلیمان کا اختیار ہے، پارلیمنٹ کے اندر بیٹھنے والے لوگوں کو یہ اختیار دیا گیا کہ جب بھی وہ مناسب سمجھیں وہ امینڈمنٹ لا سکتے ہیں، یہ اسی کانسٹی ٹیوشن میں جس کانسٹی ٹیوشن کے نیچے بیٹھ کر وہ اپنا کام کرتے ہیں، اسی کانسٹی ٹیوشن میں یہ فریم ورک دیا گیا ہے کہ آپ لا سکتے ہیں لیکن میں جناب سپیکر، یہ سمجھتا ہوں کہ جو لابی تیار کی گئی ہے، جو ایچ ای سی کے ساتھ ایک بہت بڑی ہچ Create کر دی گئی ہے، پورے پاکستان کے اندر یہ کس طور پر بھی مناسب نہیں تھا، یہ اداروں نے Devolve ہونا تھا یہ ایجوکیشن بہتر تب ہی ہو گی کہ جب یہ پوری طرح کے اختیارات صوبے کے اندر آئیں گے، پہلے بھی ایڈمنسٹریٹیو کنٹرول یونیورسٹیز کا ہمیشہ صوبے کے پاس تھا، وائس چانسلر کی اپوائنٹمنٹ، چند ایک اقدام جو کبھی یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کے پاس ہوا کرتے تھے، اس کے بعد اگر یہ کہتے ہیں کہ ہم نے پی ایچ ڈیز زیادہ کروائے ہیں تو اس میں اب شاید ہمیں نہیں پتہ کہ Modalities کیا ہیں؟ ہمیں ساری اس ڈیٹیل کا نہیں پتہ ان پی ایچ ڈیز کا لیکن یہاں منسٹر صاحب نے اس دن کھڑے ہو کر کہا کہ جو لوگ پی ایچ ڈیز کیلئے گئے ہوئے ہیں جناب سپیکر، انکی گرانٹ نہیں روکی جائے گی، وہ اپنی وہ مکمل کرینگے۔ اگر جناب سپیکر، صوبے یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اب تیاری میں ہیں اور تیار ہیں اور یہ ادارہ Devolve ہو جائے اور پوری تیاری کے ساتھ اس کو سنبھال سکتے ہیں تو ہم اس کی پرزور حمایت کرتے ہیں کہ یہ ایک دن ضرور آنا ہے اور اس کو ہونا ہے اور اگر آپ کی

اٹھارہویں ترمیم میں اس طرح چیزیں چھوڑ دی گئی ہیں کہ ایک چیز کو کہا گیا کہ یہ Implement ہو جائے اور ایک چیز نہ Implement ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ پھر اسکی ساری محنت کہیں ضائع ہو جائے۔ ہاں، یہاں آج حکومت سے میں یہ پوچھنا ضرور سمجھونگا کہ انہوں نے کہا کہ یہاں وائس چانسلرز نے بھی، اس صوبے کے وائس چانسلرز بھی بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بھی ایک موومنٹ چلائی ہے، وہ بھی پریس کانفرنس میں گئے، حکومت کو چاہیئے تھا کہ پہلے وائس چانسلرز کو ساتھ بٹھاتے ہوئے، ان یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز ان کے ساتھ بیٹھتے، ان سے بھی ہم In put لیتے کہ جو کام ہم کرنے جا رہے ہیں تو یہاں لگتا ہے کہ حکومت کی پالیسی اور ہے، وائس چانسلرز، میں صرف اس صوبے کی بات کرتا ہوں، کی پالیسی اور ہے اور جو مقننہ تھی، جنہوں نے یہ معاملہ فیڈرل میں بیٹھ کر یا پارلیمنٹ میں بیٹھ کر جو متفقہ فیصلہ کیا تھا، وہ اور ہے۔ اگر صوبہ سندھ کا جس طرح میاں افتخار صاحب کی باتیں اس دن ہوئی تھیں کہ ہم اس کیلئے تیار ہیں، انفراسٹرکچر ہمارا بالکل پوری طرح تیار ہے، ہم اس کو لے سکتے ہیں اور ہم اس ایجوکیشن کو اور بہتر بنائینگے تو پھر ہماری پرزور حمایت اس کے ساتھ ہے، جو بات عبدالاکبر صاحب نے کی ہے لیکن مہربانی کر کے یہ ہمیں سیاسی بات میں نہیں لے جانا ہے، یہ بہت اہم معاملہ ہے، یہ ہمارے بچوں کے مستقبل کا معاملہ ہے، یہ یونیورسٹی کے مستقبل کا معاملہ ہے، یہ معاملہ یہاں آج یہ اسمبلی بھی ڈسکس کرے، اس کو اس Broader prospective میں جناب سپیکر لینا چاہیئے کہ کوئی جذباتی بات ہم کر کے آنے والے اپنے بچوں کا مستقبل تاریک نہ کر دیں لیکن اگر مقننہ بھی سمجھتی ہے کہ یہ ٹھیک ہے اور حکومت سمجھتی ہے کہ ہم اس معاملہ کو سنبھالیں گے تو اس کی پر زور حمایت کریں گے کہ یہاں سے ایک Collective message جانا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ ستار خان، ستار خان صاحب، ستار خان۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> شکریہ جناب، میں اس پر آپکا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا کہ اس نازک مسئلے پر کچھ اپنے خیالات کا اظہار کروں، حالانکہ میں چاہتا تھا کہ کل اس پر بات کروں لیکن ہمارے سینیئر ممبران اسمبلی نے اس پر تفصیل سے بات کی تو ہمارے پاس میرے خیال میں ابھی وہ مواد کانسٹی ٹیوشنل بھی نہیں ہے، بہر حال ایک بات جو ہم اس مسئلے میں محسوس کرتے ہیں کہ اس کے کانسٹی ٹیوشنل پہلو پر عبدالاکبر خان نے تفصیلی بات کی کہ یہ مسئلہ جو تھا، پہلے فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ سے اٹھا کر ابھی یہ صوبے کی لسٹ میں آ کر یہ سبجیکٹ ہے، اس پر ہم قانون سازی کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے جناب سپیکر، ایک بل

بھی کل ٹیبل ہوا ہے، جناب سپیکر میں آپکی توجہ چاہونگا، ہم آئینی ماہر تو نہیں ہیں، اس بات پر ہم نہیں جائیں گے لیکن جو بات کل رات کو تقریباً ایک بجے کے ٹائم پر میں نے ٹی وی پر نوٹ کی ہے، ہمارے اس آئینی کمیٹی کے خالق ممبران جو اس آئینی کمیٹی کو Represent کر رہے تھے، انہوں نے ایک ٹیکنیکل بات اٹھائی اور وہ میرے ذہن میں آئی، میں آپ سے مطلب وہ شیئر کرنا چاہتا ہوں۔ جناب ایس ایم ظفر صاحب نے اس پر بڑی ایک بات کی ہے، اس نے کہا کہ ہم نے اس سبجیکٹ کو آج بھی اس آئینی کمیٹی میں فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ میں شامل کیا ہے، اب جو بھی صوبہ اس پر قانون سازی کرے گا، وہ آئین کی خلاف ورزی ہو گی، یہ بہت بڑی بات ہے سر، تو جس طرح عبدالاکبر خان صاحب نے کل ہمیں تفصیل سے بتایا ہے کہ پہلے یہ جو کنکرٹ لسٹ تھی، اس میں قانون سازی اگر مرکز بھی کر لے، اس پر قانون سازی صوبہ بھی کر لے تو مرکز کا قانون جو ہو گا، مرکز کا بنایا ہوا قانون لاگو ہو گا، اس کی بالادستی ہو گی۔ اب انہوں نے کہا تھا کہ اس میں جو اس کمیٹی نے ترامیم کی ہیں، اس کے بعد صوبے کو یہ حق حاصل ہے کہ ہم اس میں قانون سازی کر سکتے ہیں اور ہم نے کل ایک بل بھی Introduce کیا ہے اس ہاوس کے اندر، تو یہ ایک بہت بنیادی بات جو ہمیں سمجھ آ رہی ہے کہ یہ کنفیوژن ہے، اگر ہم نے قانون سازی کیلئے جو بل ٹیبل کیا ہے، اگر یہ فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ ہے تو بالکل قانون اور آئین کے خلاف جا رہے ہیں۔ اگر یہ صوبائی سبجیکٹ ہے جس پر ہم قانون سازی کر رہے ہیں، ہم بحث کر رہے ہیں تو پھر تو Well and good، ہم اس بات کے بھی قائل ہیں کہ پراونشل اٹانومی ہونی چاہیئے، ہمارے صوبے کے پاس اختیارات ہونے چاہیئے، ہم اس پر بحث کر کے قانون سازی کریں لیکن اگر ہم، صوبے کا قانون ساز ادارہ، اس طرح آئینی بات پر مرکزی قانون ساز ادارے کے ساتھ تصادم کی کوئی بات پیدا کریں گے تو یہ بہت بڑا سوال اٹھے گا اس سے اور اس سے یقیناً ہمارے اس ادارے کو نقصان بھی ہو گا، میں اس پر نہیں جاتا کہ اس کے Merits بھی ہونگے، Demerits بھی ہونگے اور یقیناً مختلف ہمارے اداروں کے وائس چانسلرز کی طرف سے، جو پڑھے لکھے ہیں، جو بہت Mature طبقہ ہے ہمارے ملک کا اور ہماری پشاور یونیورسٹی کے طلبا کی طرف سے احتجاج کی بات بھی آئی ہے، اس مسئلے کو ایسے سرسری انداز میں ہمیں نہیں لینا چاہیئے، بے شک ہم اس حق میں ہیں کہ یہ صوبے میں جتنی بھی یونیورسٹیز ہیں، ان کے اختیارات ہمارے پاس ہوں، ہم اس پر قانون سازی کریں، ہم اس پر Implementation بھی کریں لیکن اگر اس بات کو کل یا جو ایس ایم ظفر صاحب نے بات کی ہے اور کافی ماہرین نے اس پر بات کی ہے، اگر ہم اس مسئلے کو سیریس نہیں لینگے اور سرسری ہم آگے لے جائینگے

اس بات کو، تو میرے خیال میں ہم اس ادارے کا نقصان کر رہے ہیں، لھذا میری گزارش ہے کہ اس پر ایک کمیٹی بنے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب عبدالستار خان: اور کمیٹی اس پر تفصیل سے غور و حوض کرے، اس کے بعد پھر بات کو سامنے لایا جائے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جی سلیم خان صاحب، سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان (وزیر بہبود آبادی): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ محترم عبدالاکبر صاحب نے ایچ ای سی کے اوپر بولنے کیلئے کل کافی ڈیٹیل سے ہاؤس میں بریفنگ دی جناب سپیکر صاحب، میرے خیال میں جو اٹھارہویں اور انیسویں امینڈ منٹ آئی ہے اس ملک میں، سب سے پہلے میں اپنے قائدین کا بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے مل بیٹھ کر 1973 کا جو آئین تھا، اس کو اپنی اصلی شکل میں بحال کیا اور اس میں جو ضروری امینڈ منٹس کرنی تھیں، امینڈ منٹس باہمی مشاورت کے ساتھ تمام پارٹیز کو لے کر کی گئیں۔ اس میں تمام ہمارے جتنے بھی سیاسی قائدین ہیں، ان سے باقاعدہ مشاورت کی گئی اور اس کے بعد جو 18th amendment پیش اور پاس ہوئی اور اس میں سب سے بڑی بات جو ہے، وہ صوبائی خود مختاری تھی جس کیلئے ہم نے اور ہمارے خاص کر جو چھوٹے صوبے ہیں، ان کی بڑی ڈیمانڈ تھی کہ ان کو صوبائی خود مختاری دی جائے اور الحمدللہ شکر ہے کہ آج صوبوں کو بااختیار بنایا گیا، جو کنکرنٹ لسٹ ہے، اس میں جو محکمے تھے جو کہ وفاق کے پاس تھے، آج وہ کنکرنٹ لسٹ ختم ہو گئی اور وہ محکمے صوبوں کے پاس آ چکے ہیں۔ اسمیں ایچ ای سی بھی شامل ہے، ہائر ایجوکیشن کمیشن، جس کیلئے میرے خیال میں صوبائی لیول پر بہتر طریقے سے قانون سازی ہونی چاہیئے اور کوئی صوبہ یہ نہیں چاہتا کہ اس کے ادارے، خاص کر تعلیمی ادارے کمزور ہوں اور ان کے اوپر کوئی مسئلہ بنے۔ یونیورسٹیز کے حوالے سے میں یہ کہونگا کہ یونیورسٹیز کا ایک بہت بڑا اچھا رول ہے ہمارے ملک کی ڈیویلپمنٹ میں اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے جتنے بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے ہیں، وہ مزید Strengthen ہوں اور اس میں مزید بہتری آ جائے اور خاص کر ہمارے صوبے کے اندر جو وائس چانسلرز کی کانفرنس کی گئی، محترم چیئرمین صاحب نے ان کے ساتھ بیٹھ کر ان کی رائے لی، میرے خیال میں ہمارے صوبے کے اندر اتنا مسئلہ نہیں ہے جو کہ باقی صوبوں میں ہے۔ جناب سپیکر، میں ہائر ایجوکیشن کمیشن پچھلے پانچ سالوں میں جو ان کی طرف سے سکالرشپ دیئے گئے ہیں، تھوڑا سا ایک موازنہ

آپ کو پیش کرونگا کہ پچھلے پانچ سالوں کے اندر کوئی ساڑھے آٹھ ہزار سکالر شپ دیئے گئے پنجاب کو، جو کہ بہت بڑا صوبہ ہے آبادی کے لحاظ سے، اگر آپ موازنہ کریں ہمارے صوبے کا جو کہ ایک پسماندہ صوبہ ہے، جو کہ ایک غریب صوبہ ہے تو ان پانچ سالوں کے اندر ہمارے صوبے میں صرف Eighty Five یعنی پچاسی سکالر شپ دیئے گئے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بیرونی ملک جانے کیلئے، تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ساتھ بہت ایک ناانصافی ہو رہی تھی اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن میں اپنے من پسند لوگوں کو سکالر شپ دیئے جارہے تھے اور جس کی وجہ سے جو چھوٹے صوبے ہیں، ان کے ساتھ ناانصافی ہو رہی تھی اور ان کے جو Talented بچے ہیں، خاص کر الحمد للہ ہمارے صوبے میں Talent کی کوئی کمی نہیں ہے اور ہمارے بچوں کو اور ہمارے جو لوگ پی ایچ ڈی کرنا چاہتے تھے کہ باہر جا کر پی ایچ ڈی کریں، اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، ان کو محروم رکھا جاتا تھا، تو میرے خیال میں جب اس کے اوپر اپنے لیول پر، اپنے صوبے کے لیول پر قانون سازی کریں گے تو اس میں سب سے بڑا فائدہ جو ہے ہمارے صوبے کے ہمارے بچوں کیلئے ہے اور ہمارے ان سٹوڈنٹس کیلئے ہے جن کے پاس Talent ہے، جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو میرے خیال میں یہ ایک اچھا قدم ہے، اس کو پروموٹ کرنے کیلئے ہم سب نے مل کر اسکے اوپر قانون سازی کرنی چاہیئے۔Thank you very much۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، شکریہ۔ منور خان صاحب۔ یو یو، دوہ دوہ منتہ۔ تاسو جی، منور خان صاحب۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> سر، اس سلسلے میں میری رائے ہے کہ یہاں پر جن لوگوں نے تقریریں کی ہیں سر، میں ان کے Against بات کرونگا اور اس کی میرے پاس ایک اہم شخصیت ڈاکٹر عطاء الرحمان جو ایکس چیئرمین ہیں، اس ایچ ای سی کے سر، اس کو میں نے ٹی وی پر کافی ڈسکشن میں سنا ہے اور جتنے بھی وائس چانسلرز تھے، ان کی ڈسکشن بھی ہم نے سنی اور آج جتنے بھی صوبے ہیں اور وہاں کے جو سٹوڈنٹس ہیں، وہ روڈز پر ہیں اور ڈاکٹر عطاء الرحمان کی اس چیز کو سپورٹ کر رہے ہیں سر اور میرے خیال میں یہاں پر جتنے بھی حضرات بیٹھے ہیں، وہ سارے ڈاکٹر عطاء الرحمان کو جانتے ہیں کہ جس طریقے سے اس بندے نے ایچ ای سی کو پروموٹ کیا اور باہر کی جتنی بھی یونیورسٹیاں ہیں، ان کی وجہ سے پاکستان کی جتنی بھی یونیورسٹیاں ہیں، اسی ایچ ای سی کی وجہ سے اور اس ڈاکٹر عطاء الرحمان کی وجہ سے ہماری ڈگریاں Recognize ہو گئی ہیں۔ سر، اگر خدانخواستہ آج یہ ہم صوبوں کو دے دیں تو یہی خدشہ ہے، یہی خطرہ

ہے کہ جتنی بھی ہماری یونیورسٹیوں کی ڈگریاں ہیں، وہ باہر کی یونیورسٹیاں Recognize نہیں کریں گی سر۔ سر، سب سے بڑا Objection اس پر یہی ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے یہاں پر Monopoly بنائی ہوئی ہے اور بڑی بڑی تنخواہیں لے رہے ہیں سر، لیکن میں پھر بھی ڈاکٹر عطاء الرحمان کو Quote کر رہا ہوں کہ اسی ڈاکٹر عطاء الرحمان نے اوپن میڈیا پر یہی کہا تھا کہ میں واحد بندہ ہوں کہ میں تنخواہ نہیں لے رہا ہوں اور اس نے ابھی تک کوئی تنخواہ بھی نہیں لی سر، تو مجھے اپنے ان بھائیوں سے جو ان کے Favour میں یہ Arguments کر رہے ہیں، کیا ایسے لوگ جو اس ملک کیلئے ایک اثاثہ ہیں، عطاالرحمان جیسے لوگ، اگر ہم اس کو Discourage کریں گے اور آپ لوگ ابھی اسی یونیورسٹی میں یہ کام چلائینگے تو سر، تو ان کی جو محنت تھی، جو کام تھا، جو کئی سالوں سے وہ بندہ چلا رہا تھا، میرے خیال میں ان کے ساتھ زیادتی ہوگی اور جو لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ یہ اپنی تنخواہوں کی خاطر یا اپنی Prestige یا ان کو جو مراعات مل رہی ہیں، ان کیلئے کر رہے سر، یہ سراسر ان کے ساتھ زیادتی ہے، تو میں ان کے Favour میں ہوں کہ ایچ ای سی کو ادھر ہی وفاق میں ہونا چاہیئے پراونشل نہیں ہونا چاہیئے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ جی اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر، یہاں پر عبدالاکبر خان صاحب نے میرے خیال میں جو نکتہ اٹھایا ہے، بڑا اہم ہے اور میرے خیال میں سیاسی پارٹیوں کی ایک بہت بڑی کامیابی اٹھارہویں ترمیم ہے اور سب سے بڑی بات پھر یہ ہے کہ اتنے نظریاتی اختلاف جو کہ سیاسی پارٹیوں کے درمیان ہے اور پھر سب ایک پلیٹ فارم پہ جمع ہوئے اور میرے خیال میں اس پہ کافی محنت بھی کی گئی کیونکہ اس پہ کافی ٹائم لگا، تو ایک تو جمہوری جو سیاسی پارٹیاں ہیں، ان کیلئے بڑی عزت اور فخر کی بات ہے کہ وہ اس میں کامیاب ہوئیں، آپس میں نہ الجھ گئیں اور انہوں نے ڈکٹیٹر کے وہ اقدامات جو وقتاً فوقتاً کوئی بھی ڈکٹیٹر آیا اور اپنی مرضی کی حکومت چلانے کیلئے اس میں ترامیم کیں اور اس میں میں نہیں جانا چاہتا کہ پھر کس نے اس میں کردار ادا کیا، تنازعہ بن جائے گا لیکن میرے خیال میں سب سے بڑی کامیابی جو ہے، اٹھارہویں ترمیم ہے اور اس میں پھر صوبائی خودمختاری ہے اور اس کا کوئی بھی دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس میں میرا زیادہ Role ہے اور اس کا کم ہے، بلکہ سب برابر کے شریک ہیں۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن یا ایجوکیشن ایک قوم کی بنیاد جو ہے اور ترقی کا پیمانہ جو ہے، وہ تعلیم ہے۔ دنیا میں اور اپنے ملک کے اندر بھی آپ نے اگر مقابلے پہ اپنی قوم کو آگے لے جانا ہے تو آپ نے اس قوم کو تعلیم دلوانا ہے، تعلیم کے بغیر ترقی ہو نہیں

سکتی۔اب یہ ہے کہ ایجوکیشن بھی، ہیلتھ بھی اٹھارہویں ترمیم کے ذریعے پراونس کو ملی ہے، اسی پراونس سے لوگ نکلتے ہیں جو ہائر ایجوکیشن کمیشن میں کام کرتے ہیں، یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ایک صوبے میں اتنے ذہین لوگ نہیں ہیں جو کہ وہ ایک نظام کو نہ چلا سکتے، اگر ہم اس حد تک پہنچے، اتنی مایوس کن بات ہو کہ ہم نظام کے چلانے کے اہل لوگ بھی نہیں رکھتے، ہم اپنا تعلیمی نظام درست بھی نہیں کر سکتے اور ہم اپنے پیچھے آنے والے بچوں کے مستقبل کیلئے فیصلے بھی نہیں کر سکتے تو میرے خیال میں پھر ہم کو اس معزز ایوان میں بھی اور پارلیمنٹ میں بیٹھنا بھی چاہیئے نہیں، یہ ہمیں زیب بھی نہیں دیتا اور میرے خیال میں پارلیمنٹ (تالیاں) میں وہاں پر قومی اسمبلی اور سینٹ میں لوگ جو آتے ہیں، وہ بھی بڑی محنت کے بعد آتے ہیں اور پراونشل اسمبلی میں پہنچنے میں ہم نے خود بھی تیس سال لگائے ہیں، یہاں پر جو زندگی گزاری ہے، عوام کا اعتماد لینا بہت مشکل کام ہے، یہ ہر ایک آدمی کے بس کی بات بھی نہیں ہے، تو پراونشل اسمبلی میں بھی پہنچنا میرے خیال میں کروڑوں لوگوں میں کچھ لوگوں کو نصیب ہوتا ہے، کہ ابھی کتنی آبادی ہے اور اس میں ہم ایک سو چوبیس ممبران اسمبلی بیٹھے ہیں۔ابھی آتے ہیں کہ ہم اپنے گریبان میں دیکھیں، جب لوگ ہمیں ادھر بھیجتے ہیں اور وہاں پر وہ ہم پر اعتماد کرتے ہیں تو ہمیں چاہیئے کہ ہم اس اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائیں، ہم ان کے ان جذبات اور احساسات کی اس طرح ترجمانی کریں جو وہاں پر جب ہم جلسوں میں جاتے ہیں اور غربت کی بات کرتے ہیں، تعلیم دلانے کی بات کرتے ہیں، صحت کی Facilities اور ہم انہیں کہتے ہیں کہ ہم کبھی بھی اس میں نہیں آئیں گے بلکہ آپ کیلئے وہ کام کریں گے۔ یہاں پر بات ہوئی کچھ، اسمبلی کے فلور پہ جو بھی ممبر اٹھتا ہے، کسی بھی پارٹی کے ساتھ تعلق ہو، اس کا اپنا بھی ایک نکتہ نظر ہوتا ہے، اس میں آزادی ہے کہ ہر ایک آدمی اپنی بات بھی کر سکتا ہے، تجویز بھی دے سکتا ہے، جب ہم سیاسی پارٹیوں کے اندر بھی بیٹھتے ہیں اور ہمارا اپنا پروگرام ہوتا ہے، اس میں بھی کسی کا اختلاف رائے ہوتا ہے، کسی کا اپنا نکتہ نظر ہوتا ہے لیکن پھر جب اکثریتی فیصلہ ہوتا ہے تو لوگ پارٹی ڈسپلن کا احترام کرتے ہیں اور اپنی بات سے پھر ہٹ کر اس کے ساتھ چلا جاتا ہے۔یہاں پر جی اگر دیکھا جائے، پانچ سال میں میں بھی ایک ذمہ دار حیثیت سے اس صوبے میں تھا اور خدا گواہ ہے، انسان کے بس کی بات ہوتی ہے کہ پانچ سال میں میں نے تعلیم کو اولیت دی ہے اس صوبے میں، میرے پرانی اسمبلی کے ممبران بھی بیٹھے ہیں، ایجوکیشن کا وہ حصہ جو اس صوبے سے اس کو مل رہا تھا، جب میں چیف منسٹر بنا، وہ بھی ریکارڈ پہ ہے اور جب ہم جا رہے تھے تو اس وقت بھی ہائر ایجوکیشن اور سیکنڈری ایجوکیشن کیلئے جو اے ڈی

پی میں فنڈ تھا، وہ بھی میرے خیال میں ریکارڈ پہ ہو گا لیکن اتنے ہی وسائل تھے جن میں ہم نے مفت تعلیم کی بھی کوشش کی، تقریباً 79 ڈگری کالج بھی بنا دیئے، نئی یونیورسٹیز بھی بنا دیں، پبلک سکول خان قیوم اور نشتر کے بعد میرے خیال میں چار پانچ صوابی میں، نوشہرہ میں، ڈی آئی خان میں، بنوں میں، مالاکنڈ میں یہاں پر سکول بھی بنے جو کہ کبھی بھی اس کو کسی نے توجہ نہیں دی تھی اور یہ میرے ساتھ ایک ٹیم تھی پراونشل گورنمنٹ میں، کہ اگر آپ اس مشینری کو جس طرح بھی چلانا چاہیں، ہمارے بیوروکریٹس میں بھی وہ حیثیت ہے جو اس کام کو چلانا چاہتے ہیں لیکن آپ انکے ساتھ جس انداز سے پھر بیٹھیں، وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، اگر ایک کام آپ اس کو سپرد کریں تو انشاء اللہ وہ ٹھیک طریقے سے آپ کو اپنی تجویز بھی دے سکتے ہیں انشاء اللہ، یہاں پر میں نے جو باتیں کیں، اس میں ہائرایجوکیشن کے ساتھ میرا رابطہ رہا، کسی کی قابلیت سے میں انکار نہیں کر سکتا اور کسی کی خدمات سے بھی میں انکار نہیں کر سکتا لیکن قدرتی امر ہے کہ جب کوئی دفتر اسلام آباد میں ہوتا ہے، اس کو ٹانک کے حالات معلوم نہیں ہوتے، اگر ہم اس کو بار بار بھی کہہ دیں (تالیاں) اگر کوئی دفتر اسلام آباد میں ہوتا ہے تو اس کو وہاں پر چترال کی غربت کا اندازہ نہیں ہو سکتا اور کہیں پہ اگر کوئی آدمی اسلام آباد میں بیٹھا ہے تو اس کو کوہستان کی غربت کا اور وہاں پر تعلیمی پسماندگی کا اندازہ نہیں ہو سکتا اور یہ باتیں میں نے ہائرایجوکیشن کمیشن کے ساتھ بھی کی ہیں۔ میں تو صوبائی گورنمنٹ سے یہی گزارش کروں گا کہ ہائرایجوکیشن کو باہر سے کتنا فنڈ آیا ہے، وہ بھی معلوم کرے اور اپنے ملک کے اندر ان کو کتنا دیا ہے، وہ بھی معلوم کرے اور اس میں پھر اپنا حصہ پوچھے کہ ہائرایجوکیشن میں اس نے ہمارے صوبے کو کتنا کچھ دیا ہے اور اس میں پھر یونیورسٹیوں کا بھی بتا دے کہ اس نے پشاور یونیورسٹی کو کتنا دیا ہے، گومل یونیورسٹی کو کتنا دیا ہے، کوہاٹ یونیورسٹی کو کتنا دیا ہے، بنوں سائنس ٹیکنالوجی یونیورسٹی کو، مالاکنڈ کو، ہزارہ یونیورسٹی کو اور پھر جب نئی یونیورسٹیاں آئیں، نئی یونیورسٹیاں آئیں تو اس پہ میں نے بھی درخواست کی کہ میرے صوبے میں بھی نئی ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے، میں آپ کو مفت زمین دینے کیلئے تیار ہوں، میں گیس بھی خود دوں گا، میں روڈ بھی خود پکا کروں گا اور زمین بھی مفت دوں گا اور اس کا ریکارڈ موجود ہے، ماموں خٹکی کے مقام تک پشاور میں جو آپ کا حلقہ ہے، غالباً سپیکر صاحب کا حلقہ آتا ہے، پولیس ڈیپارٹمنٹ کی بارہ سو کنال زمین جو کہ میرے خیال میں ابھی تیس لاکھ پہ بھی وہ زمین آپ کسی کو نہیں دیں گے، میں نے ہائرایجوکیشن کے نام پہ ٹرانسفر کی اور میرے ساتھ یہ بات کی گئی کہ اس میں ہم نئی جو جدید انجنیئرنگ یونیورسٹی ہے، وہ بنائیں گے۔ یونیورسٹیاں باہر

سے آئیں، اس کے بعد بھی میں گیا لیکن وہ یونیورسٹی ہمارے خیبر پختونخوا میں ایک بھی نہیں بنی۔ میں نے جلوزئی کے مقام پر زمین دی کہ اس صوبے میں ایک لاء یونیورسٹی ہونی چاہیئے، ہمارا ایک لاء کالج ہے، ہم نے اس کو پروموٹ نہیں کیا، وہاں پر بھی میرے ساتھ وعدہ کیا گیا کہ ہم اس صوبے کو ایک لاء یونیورسٹی دیں گے جدید، جو کہ بین الاقوامی طرز پہ ہوگی لیکن اس کے باوجود میں صوبائی حکومت سے یہ بھی گزارش کروں گا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن سے پوچھیں کہ پرائیویٹ یونیورسٹیوں کو کتنا فنڈ دیا گیا ہے اور گورنمنٹ کی یونیورسٹیوں کو فنڈ کتنا دیا گیا ہے اور یہ بھی پوچھنا چاہوں گا کہ اس پرائیویٹ یونیورسٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے لوگوں کا کیا کردار ہے ؟ آیا اس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذمہ دار لوگ پاٹنرشپ پہ تو نہیں ہیں کہ کوئی پرائیویٹ یونیورسٹی ہوگی اور اس میں پھر حصہ دار جو ہوگا، ہائر ایجوکیشن کمیشن کا ذمہ دار آدمی جو تقسیم کے فارمولے پہ بیٹھا ہے، وہی ہوگا، ان چیزوں کا ہم نے ضرور پوچھنا ہے۔ ابھی میں تھوڑا سا، جو ہمارے ذہن میں کچھ باتیں پھر آجاتی ہیں، صوبائی حکومت سے یہ پوچھوں گا کہ اگر آپکی اٹھارہویں ترمیم کا کافی وقت ہوا، کافی وقت ہوا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہ تعلیمی نظام میرے ساتھ آرہا ہے، ابھی اگر ہائر ایجوکیشن سے آپ نکل رہے ہیں، آپ نے یہاں پر اپنا کوئی نظام بنایا ہے، آپ نے اس کیلئے کتنا ہوم ورک کیا ہے کہ اگر وہاں سے آپ ہاتھ نکالیں گے تو اپنے گریبان میں آپ کے ہاتھ تو ہوں گے نا، ہونا تو یہ چاہیئے کہ ہم پہلے سے تیاری کریں اور ہم دنیا کو بتادیں کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن سے زیادہ ذہانت کے لوگ اس صوبے میں موجود ہیں اور میں دعویٰ کر سکتا ہوں کہ اس صوبے میں جو ذہانت ہے، وہ کسی دوسرے صوبے میں نہیں ہے لیکن ہم نے سیاست سے بالاتر ہو کر ایسے لوگوں کو نہیں ڈھونڈنا جو ہمیں زیادہ ووٹ دیتے ہیں اور ان کو پھر ہم اپوائنٹ کرتے ہیں، اس سے پھر نکتے اٹھتے ہیں۔ میں نے کوشش کی عبدالاکبر خان صاحب کی بھی خواہش تھی کہ ہم گورنر سے ثانوی بورڈ کا اختیار لے لیں لیکن ہم کتنی مداخلت کرتے ہیں، ثانوی بورڈ کا ہم نے کیا حشر کیا، ہم کیوں بار بار مداخلت کرتے ہیں کہ گورنمنٹ کو مجبور کرتے ہیں کہ نہیں فلاں کنٹرولر ٹھیک ہوگا، فلاں جو چیئرمین ہے، وہ ٹھیک ہوگا؟ اگر وہاں پر چیئرمین Merit پہ آئے گا ثانوی بورڈ کا تو Merit پہ ہی امتحان ہوگا اور وہ بچے جو دن رات محنت سے پڑھتے ہیں لالٹین پہ، یا ان کے پاس بجلی نہ ہو تو ان کے پیپرز میں وہ نمبر آئیں گے جو ذہانت سے ہیں اور وہ نمبر پھر نہیں آئیں گے جو وہاں پر ایک پرائیویٹ سکول بڑی رقم دے کر، اپنی مرضی کا عملہ لگا سکے اور وہاں پر پھر نتائج اس سکول کی اس شان میں آجائیں کہ فلاں پرائیویٹ سکول جو ہے، اس کا رزلٹ بہت زیادہ ٹھیک آرہا ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ کیا

اس کا نصاب بھی پراونس کو آرہا ہے اور کیا یہاں پر صوبائی گورنمنٹ نصاب پہ بھی مشاورت کرے گی؟ تھوڑا ساذہنی طور پہ جو میں دیکھ رہا ہوں کہ کہیں کھینچاتانی نہ ہو، وہ اصل میں بات ہوگی۔ نصاب پہ نظریاتی اختلافات بھی ہو سکتے ہیں، حکومتوں کی اپنی اپنی ترجیحات بھی ہوتی ہیں، ایسا تو نہیں ہوگا کہ ایک حکومت آئے اور وہ اپنی مرضی کا نصاب دے دے اور پھر جو دوسری حکومت ہے، وہ نصاب کو ختم کرے اور پھر اپنی مرضی کرے، پھر تو ہمارے بچوں کا مستقبل جو ہے وہ اس سے ختم ہو جائے گا۔ نہیں، ان سب چیزوں پہ اپوزیشن اور گورنمنٹ کو مل کر ساتھ دینا چاہیئے کیونکہ اٹھارہویں ترمیم پہ وہاں پر پارلیمنٹ سے پاس کرنے میں بھی کوئی جماعت اپوزیشن یا گورنمنٹ نہیں تھی بلکہ وہاں پر سب سیاسی جماعتیں جو تھیں، وہ اتفاق رائے رکھتی تھیں۔ مجھ سے اپوزیشن لیڈر ہوتے ہوئے آج تک پراونشل گورنمنٹ نے یہ نہیں پوچھا کہ ہم نے یہاں پر جو کل میرے خیال ایک وہ پیش کیا، ہم دیکھ رہے ہیں کہ اتھارٹی بنا رہے ہیں، اس کیلئے اس میں کیا کیا کرنا ہے؟ اگر سارے پارلیمانی لیڈروں کو بلا کر پہلے جو یہ اتھارٹی یہاں پر کل لا رہے تھے اور مشاورت ہوتی تو امینڈمنٹ کی کوئی ضرورت نہیں آتی تھی اور اس پہ کافی دن ہمارے بچ جاتے، تو یہ وہ چیزیں ہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ ہائرایجوکیشن کمیشن کو باہر کی دنیا بڑی امداد دے رہی تھی، ہم نے یہاں پر یہ تو بتانا ہے کہ اس صوبے میں کرپشن نہیں ہے، اگر یہاں پر کرپشن ہوگی، قصے کہانیاں ہوں گی تو وہ امداد جو ہائیر ایجوکیشن کمیشن کو وظائف کیلئے اور یونیورسٹیاں چلانے کیلئے باہر سے آتی تھی تو وہ امداد نہیں آئے گی۔ ہم نے یہی عزم کرنا ہے، مل بیٹھ کر کرنا ہے، کمزوری مجھ میں بھی ہے اور کوئی دوسرے انسان میں بھی ہوگی، کہ ہم اس صوبے کو کرپشن سے پاک کر کے دنیا کو بتادیں کہ اگر آپ فلڈ میں پیسے بھیجتے ہیں، اس کا یہ ہے، اگر آپ دہشت گردی کے نام پر پیسے بھیجتے ہیں، وہ یہ ہے اور اگر آپ کل ہائرایجوکیشن کو جو پیسے دے رہے ہیں، وہ بھیج رہے ہیں، اس میں بھی ہم شفاف طریقہ اختیار کریں گے۔ یہی کچھ کمزوریاں اگر سامنے نہ ہوں تو میرے خیال میں کہیں پر بھی ہم کسی سے پیچھے نہیں ہونگے۔ اٹھارہویں ترمیم بھی اتفاق رائے سے پاس ہوئی ہے اور انشاء اللہ اس صوبے میں چلانے والے لوگ بھی ہیں، چلائیں گے بھی لیکن میں نے جو دو تین خدشات کا ذکر کیا کہ ڈونرز تب ہی آپ کو پیسے دیں گے استعمال کیلئے جب اس کو آپ شفاف طریقے سے استعمال کریں گے۔ ہم نے دنیا کو یہ بتانا ہے کہ انشاء اللہ یہاں پر ہمارے اپنے ادارے جو ہیں، وہ اس سے پاک ہیں، پیسے بھی آئیں گے لیکن یہاں پر ابھی میں گزارش یہ کروں گا کہ جو تعلیم کی بات یونیورسٹیوں کی آئے گی، اس میں ہم سب مل کر، اس میں ہم بھی مجبور ہوں گے، ایک یہ عہد کریں، سب عہد کریں کہ یہ جو

ثانوی بورڈ ہے، اس میں ہم من پسند لوگوں کو نہ لائیں بلکہ اس میں ہم ایسے لوگوں کو لائیں جو کہ وہ سب لوگوں کو معلوم ہوں، ان پر انگلی اٹھانے کی بات نہ ہو۔ وائس چانسلر جو آرہا ہے، وائس چانسلر بھی اس طرح ذمہ دار آدمی ہونا چاہیئے کہ اس پر کوئی انگلی نہ اٹھے، تو میرے خیال میں اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ ہائرایجوکیشن کمیشن میرے خیال اگر وہاں پر چل بھی رہا ہے لیکن اگر سب صوبے اس کو چلا سکتے ہیں تو اس صوبے میں Talent ہے جی اور یہاں پر میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ پنجاب سے ہم اچھا چلائیں گے، سندھ سے اچھا چلائیں گے، بلوچستان سے اچھا چلائیں گے لیکن اس پہ میں نے صرف جو چند باتیں کیں، ہم ذمہ دار لوگ بیٹھے ہیں، ایمان سے ہم کسی کو راضی نہیں کر سکتے کہ اچھی پوسٹ پر لگا کر، اگر ایک پوسٹ پر لگائیں گے اور دوسری پر نہیں لگائیں گے تو دوبارہ وہ ناراض ہوتا ہے، اگر کل آپ اس کو لگا دیں اور دو مہینے کے بعد آپ کے پاس آجائے اور دوبارہ آپ اس کو نہیں لگاتے تو بیچارہ وہ پھر ناراض ہوتا ہے۔ ہم نے انشاء اللہ یہ عہد کرنا ہے کہ ہم نے اس مشترکہ ذمہ داری کے ساتھ، سب سیاسی پارٹیوں کو اعتماد میں لیکر سب چیزوں پر، وہاں پر بھی وزیراعظم نے سب سیاسی پارٹیوں کو اعتماد میں لیا تھا اور یہی وجہ تھی کہ وہاں پر اٹھارہویں ترمیم اور این ایف سی کا ایوارڈ جو تھا، وہ میرے خیال میں متفقہ انداز سے آیا ہے تو انشاء اللہ اس کو ہم ٹھیک بھی کریں گے اور ہمیشہ جب نیا کام ہوتا ہے، اس میں تھوڑی بہت کوتاہیاں ہوتی ہیں لیکن وقت کے ساتھ وہ نکلتی ہیں اور جب اٹھارہویں ترمیم پہ میرے قائد دستخط کرتے ہیں تو ہم عملی جامہ پہنانے والے لوگ ہیں، اس سے ادھر ادھر نہیں دیکھ سکتے۔

<u>جناب سپیکر</u>: قاضی اسد صاحب۔ پیر صاحب، آپ۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: زه به او کړم۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا۔ قاضی صاحب! ان کے بعد کر لیں۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: ہائرایجوکیشن کا جو مسئلہ ہے اور ہاؤس میں اس پہ بڑی تفصیل کے ساتھ گفتگو بھی ہوئی ہے اور یہ جو ہماری اٹھارہویں ترمیم آئین کے اندر ہوئی ہے اور جس میں پہلی دفعہ، پہلی دفعہ تو نہیں کیونکہ ہمارا آئین بھی متفقہ پاس ہوا لیکن تمام جماعتوں نے ملکر اس آئین میں ترمیم کی ہے اور اس کے بعد جو ہائرایجوکیشن کمیشن ہے، وہ صوبوں کو اس کی منتقلی یقیناً ہماری صوبائی خودمختاری کا تقاضا بھی ہے اور صوبے بھی اس پوزیشن میں ہونے چاہئیں کہ اپنے لئے اپنے تعلیمی نظام کو بہتر بنائیں اور یہ بالکل اپنی جگہ پہ تمام درست ہے جی، اس چیز کو ہم Appreciate کرتے ہیں لیکن صرف کچھ چیزیں ہیں جی یا جن پہ ہمیں

ضرور غور کرنا چاہیئے اور سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ جو ہمارا ایک قومی تشخص ہے، جیسے درانی صاحب نے بات کی ہے، جو قومی تشخص ہے، اس قومی تشخص کے حوالے سے ہمارا جو تعلیمی نصاب ہے، اس میں اس کی Reflection کا ہونا بڑا ضروری ہے اور یہاں پہ کوئی ایسا میکنزم نظر نہیں آتا کہ جس میں جو صوبے، اپنے صوبے خیبر پختونخوا کی میں بات نہیں کرتا تمام صوبوں کی میں بات کر رہا ہوں، کہ ہر صوبے کا اپنا نصاب ہو گا، اس کے اپنے Experts ہوں گے اور ان کی اپنی ایک سوچ اور اپنی ایک فکر ہو گی اور جیسے درانی صاحب نے فرمایا کہ یہ بھی ٹائم کے ساتھ ساتھ، ہماری یہاں پہ تمام جماعتوں کی نمائندگی ہے، کچھ جماعتوں کی نہیں بھی ہے، اپنی اپنی سوچ اور اپنی اپنی فکر بھی رکھتے ہیں تو وقت کے ساتھ ساتھ اس بات کا خدشہ یقیناً ہو گا کہ جو بھی جماعت اقتدار میں آئے گی، وہ اپنے نظریے کو یقیناً Priority دے گی اور اس کے نتیجے میں ایک انتشار یقیناً پیدا ہو گا۔ دوسری بات کہ میری گزارش ہے جی، وہ یہ ہے کہ جو ہمارا ریسرچ کا کام ہے، جیسے ہماری ایٹمی ٹیکنالوجی ہے، اب ایٹمی ٹیکنالوجی بھی ہماری تو اس کا ایک حصہ ہے کہ اس میں ہمارا باقاعدہ ایک علم ہے اور باقاعدہ اس کی ایک تعلیم حاصل کی جاتی ہے لیکن اگر اس میں مرکزیت نہ ہو تو کیا اس قسم کے پراجیکٹ کو ہم آگے لے جاسکنے کی پوزیشن میں ہوں گے؟ جبکہ بالکل مرکزی سطح پر اگر ایسی کوئی بنیاد ہمارے پاس موجود نہ ہو تو ہم ایسے کسی قومی پراجیکٹ کو آگے لے جانے کی پوزیشن میں نہیں ہوں گے، تو میں یہ بات نہیں کرتا، چونکہ آئین میں ایک امینڈمنٹ ہو چکی ہے، فیصلے ہو چکے ہیں، صوبے کو اختیارات مل رہے ہیں لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ ہمارا جو ریسرچ ورک ہے، وہ متاثر ہو گا اور ہمارے ریسرچ ورک کیلئے میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ ہم اس مسئلے کے حق میں یا مخالفت میں ایک عزت کا مسئلہ یا وقار کا مسئلہ بنائیں، صوبائی سطح پر میں حکومت سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ ایک ایسی باڈی تشکیل دے جس میں اس کے فوائد تو بہر حال فوائد ہوں گے لیکن جو نقصانات قومی سطح پہ من حیث القوم، کچھ خرابیاں، کچھ ایسی چیزیں جو کہ جس میں یقیناً ہمیں مشکلات کا سامنا ہو گا، تو اس پہ بیٹھ کر اگر بات کی جائے اور وہی چیز پھر مرکز میں بھی اپنی اپنی قیادت کو پیش کی جائے اور اس کیلئے مرکزی سطح پر ہمارا یقیناً ایک ایسا ادارہ ہونا چاہیئے جو باہر کے ممالک کے ساتھ جو ہمارا ریسرچ ورک ہے، اس کیلئے باہر سے جو امداد ملتی ہے اور صوبوں کے اندر جو ہمارا سسٹم ہے، درانی صاحب نے جیسے فرمایا، بڑے افسوس کے ساتھ مجھے یہ بات کہنا پڑتی ہے اور نہ میں اس حکومت کو مورد الزام ٹھہراتا ہوں، ایسا نہ ہو کہ یہاں سے فوراً بمباری شروع ہو جائے، جان کی امان پاتے ہوئے، نیت کر کے میں یہ گزارش کرتا ہوں، یہ موجودہ

حکومت کی نہیں، یہ ہمارے گزشتہ بیس سال کے تعلیمی اداروں کا جو ہمارا نظام ہے، اس میں اتنی Reiteration ہو گئی ہے، اتنا ہمارا نظام کہ میں اپنے حلقے کے سکولوں کی آپ کو بتاؤں کہ ہمارے ایک سکول میں دو ٹیچرز اور ایک سٹوڈنٹ ہے اور یہ چار سٹوڈنٹس اور دو ٹیچرز یا پانچ یا چھ سٹوڈنٹس اور دو تین ٹیچرز، یہ تو ہم آپ کو ہر تیسرے سکول کا بتا سکتے ہیں کہ جہاں پر لوگوں نے اپنے بچوں کو سرکاری سکولوں سے نکال دیا اور پرائیویٹ سیکٹر میں ایک Mushroom Growth ہے، Mushroom Growth ہے اور اس کے اندر یعنی میں اپنے علاقے کی ایک مثال ضرور دوں گا کہ ایک برخوردار جو کہ ٹیکسی چلاتے تھے اور انہیں منافع بخش کاروبار یہ نظر آیا کہ کیوں نہ میں ایک سکول کھول دوں، انہوں نے سکول کھول دیا، تو اگر ہمارا تعلیمی نظام، بلکہ میں یہ کہوں گا کہ یہاں پہ بیٹھے ہوئے لوگ، یہاں پر جتنے ہمارے بیوروکریٹس بیٹھے ہوئے ہیں، ان میں میجارٹی وہ ہے جو سرکاری سکولوں میں پڑھ کے اور اچھی پوزیشیں لیکر آ جاتے تھے، آج اچھی پوزیشنوں پر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن کیا آج سے بیس سال پہلے جو ہماری تعلیمی معیار تھا کیا آج ہم نے اس کو برقرار رکھا ہے؟ کیا گزشتہ پانچ سال پہلے جو ہمارا سسٹم تھا، کیا آج ہے؟ قطعاً نہیں ہے ہمارا تعلیمی نظام جو ہے، وہ روبہ زوال ہے، ایسے حالات میں ہائر ایجوکیشن جیسے ادارے کو ختم کرنا، یقیناً آئینی تقاضے ہیں، ہم آئین سے انحراف نہیں کرتے، ہمیں آئینی تقاضوں کو بھی پورا کرنا چاہیئے لیکن اس کا بھی ہمیں کچھ سوچنا پڑے گا، ہمیں بیٹھ کر سر جوڑنا پڑے گا کہ کیا اس کے متبادل ہمیں ایک قومی پالیسی جس میں ہماری مرکزیت ہو، جو ہمارے وفاق، ہمارے پاکستان کی بنیاد ہے، ان تمام چیزوں کا جائزہ لیا جائے اور پھر ایک ایسی رپورٹ ہو جو کہ آئین کے اندر بھی اگر ایک نئے ادارے کی تشکیل ہم کر سکیں، یہ نہ ہو کہ وہ پشتو میں کہتے ہیں کہ " د باران نه پتیدم د پرنالے لاندے مے شپه شوه"، تو خدا کیلئے پرنالے کے نیچے ہمیں کھڑا نہیں ہونا چاہیئے۔ اس کو جذباتی انداز میں نہیں بلکہ اس پہ بیٹھ کر ہمیں بات کرنی چاہیے، ہمیں ایجوکیشن کے Experts کو بٹھانا چاہیئے، جو لوگ اس کی مخالفت کر رہے ہیں ان سے پوچھنا چاہیئے کہ آپ کے کیا پوائنٹس ہیں اور ٹھنڈے دل کے ساتھ ہمیں فیصلے کرنے چاہیئے۔ یہی میری گزارش ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ Rule 42 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: دا پوائنټ آف آرډر دے بیا خیر تقریر-----

جناب سپیکر: کورم کی نشاندہی ہوئی ہے، 'کاؤنٹ ڈاؤن' پلیز۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ سر، میں پوائنٹ آف آرڈر، میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

جناب سپیکر: کورم کی نشاندہی کر چکے ہیں، 'کاؤنٹ ڈاؤن' پلیز۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Speaker: Only twenty five, very bad. The sitting is adjourned till 10:00 am of Friday morning, 22nd April 2011.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 22 اپریل 2011 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)